Now, the other problem is FAC. I am glad that Mr. Ahmed Mian Soomro has not mentioned that because that would have been a different issue altogether. Tariff-wise, it was an overall rise and it has been an overall rise but for the clarification, if the honourable Member so desires, that Karachi is being given a step-motherly treatment, Sir, it is not so. I think, with due reverence and respect as a former Chairman of WAPDA, you, yourself, are in a better position to know that and you are in a better position because KESC has been charging FAC *i.e.* the fuel adjustment charge throughout and it has been there over a number of years. As far as that is concerned it is nothing new. Well, I do not know whether the people of Karachi think that with the induction of the civilian Government they would be able to waive the FAC, I cannot say, that might be at the back of the mind but this has been there and for a number of years. As a matter of fact FAC used to be, at times, 114 paisa per unit and at the moment it is about 77 but with the overall change it will go to above 90 paisa per unit. But, this, of course, we cannot help *i.e.* the rise in the price of gas and otherwise.

I was in Karachi about ten days back and as far as the notice of strike or long-march or anything else is concerned, I have received nothing of that sort, it has been coming in the Press but keeping the concern and for the satisfaction of the people of Karachi, I have already sent them telex and telegrams requesting them to please come to Islamabad and they can come and meet me. I gave a statement in Karachi that whosoever wants to sit down and discuss and talk with us, he is most welcome, I am always available. So, Sir, I have already asked for a meeting on the 17th of this month in Islamabad and have requested the people concerned from the Chamber of Commerce and Industry that they can come and give their viewpoint and we shall 'Insha Allah' try to satisfy them.

But keeping in view the overall structure and set up as it is, on the raising of tariff, it has been passed by the National Assembly, it was a unanimous decision, it has been passed as part of the Budget. So, Sir, I think, these things have been there for years and I do not know why all these things have come up all of a sudden........(Interruption).

An honourable Member: Because democracy has just started.

Mir Zafarullah Khan Jamali: Sir, democracy has been there for a number of years, it has been just changing hands. So, I think, we are back to democracy again. But democracy does not mean that you stop paying Government bills and dues.

Mr. Chairman: We are on the admissibility only. You have gone into the merits already. But let me put it to the honourable Member that in view of the explanation given and the assurance extended that he is going to meet the concerned or the affected people on the 17th. Would you still like to press?

Mr. Ahmed Mian Soomro: Sir, in view of the assurance, and I know that, otherwise, it will be rejected, I withdraw it.

Mr. Chairman: Thank you very much.

An honourable Member: Sir, I would like to say a few words.

Mr. Chairman: No, I think, it has been withdrawn already. You cannot speak on this any more. Thank you.

ADJ. MOTION RE: LOSS OF LIVES DUE TO FIRING IN QUETTA

جناب چیئرمین : اگلی موشن بھی پڑھ لی جائے نمبر ۲۹ جناب چوہدری محمد طارق صاحب !

جناب محمد طارق چوہدری : جناب چیئرمین ! میں آپ کی وساطت سے معزز ایوان کے سامنے فوری توجہ طلب ایک قومی اور مذہبی مسئلہ کے بارے میں تحریک التواء پیش کرتا ہوں کہ "۶ جولائی کو کوئٹہ میں انتظامیہ کی بد انتظامی اور نا اہلی کے سبب ایک پر امن مذہبی جلوس پر پولیس تشدد اور جوابی تشدد سے متعدد افراد کی ہلاکت کے بعد مقامی طور پر اور پورے پاکستان میں شدید بے چینی اور ہراس پیدا ہوا ہے۔ لہذا میں درخواست کرتا ہوں کہ باقی کارروائی کو ملتوی کر کے اس اہم فوری اور عوامی اہمیت کے حامل مسئلہ کو زیر بحث لایا جائے"

جناب چیئرمین : آپ کی ایک دوسری موشن بھی اسی سبجیکٹ پر ہے۔ وہ مختلف نقطہ نظر سے اسی واقعہ کے متعلق ہے۔ اس کو بھی پڑھ دیجئے نمبر ۳۰ ہے

جناب محمد طارق چوہدری : وہ موشن ذرا مختلف نوعیت کی ہے۔ وہ وزارت اطلاعات کے بارے میں ہے۔

جناب چیئرمین : اس کا تعلق اسی وقوعہ سے ساتھ ہے۔ آپ پڑھ دیجئے۔

ADJ. MOTION RE: MISREPORTING OF QUETTA INCIDENCE BY OFFICIAL MEDIA

جناب محمد طارق چوہدری: اسی وقوعہ کے ساتھ ہے۔ لیکن وہ الگ بحث ہو گی۔ جناب چیئرمین! "گذشتہ دن کوئٹہ کے فسادات میں ہلاک ہونے والوں کے بارے میں سرکاری ذرائع ابلاغ نے غلط رپورٹنگ کی ہے اور اس واقعہ کی ذمہ داری جن افراد پر عائد ہوتی ہے ان کے گھناؤنے کردار کو چھپانے کے لئے ان واقعات اور ہلاک شدگان کی صحیح تعداد کی خبر کو چھپایا گیا ہے، اخفا میں رکھا گیا ہے، سنسر کیا گیا ہے۔ صحیح حقائق معلوم نہ ہو سکنے کی وجہ سے لوگوں میں افواہوں کے سبب بے چینی پیدا ہو رہی ہے۔ جمہوریت کے اس دور میں بھی گھٹن پیدا کر کے حقائق کو چھپا کر قوم اور اس کے نمائندوں کو اندھیرے میں رکھ کر سرکاری افسران نے قومی مفاد کے خلاف اقدامات کئے ہیں۔ لہٰذا میں درخواست کرتا ہوں کہ باقی کارروائی ملتوی کر کے قومی اہمیت کے حامل اس مسئلے کو فوری طور پر زیر بحث لایا جائے۔"

جناب چیئرمین: ایک اور ایڈجرنمنٹ موشن اسی موضوع پر جناب مولانا کوثر نیازی صاحب کی ہے نمبر ۱۳۱، وہ بھی پڑھ دیجئے۔

ADJ. MOTION RE: IMPOSITION OF CURFEW IN QUETTA

مولانا کوثر نیازی: "میں تحریک پیش کرتا ہوں کہ کوئٹہ میں کرفیو لگنے کے واقعہ پر غور کرنے کے لئے ایوان کی کارروائی ملتوی کی جائے۔"

جناب چیئرمین: شکریہ، دو اور اسی مضمون پر ہیں، ایک ۱۳۳ نمبر جناب عبدالرحیم میرداد خیل صاحب کی ہے، پڑھ دیجئے۔

ADJ. MOTION RE: LOSS OF LIVES DUE TO FIRING IN QUETTA

جناب عبدالرحیم میرداد خیل: میں تحریک پیش کرتا ہوں" کہ مورخہ ۶ جولائی ۱۹۸۵ء کو جو واقعہ کوئٹہ کے شہر میں رونما ہوا ہے اور اس میں کئی قیمتی جانیں "تلف" ہوئی ہیں، اس بدامنی کی وجہ سے پورے ملک میں اور خصوصاً بلوچستان کے دارالحکومت

کے شہریوں میں سخت پریشانی اور خوف ہراس پیدا ہوا ہے۔ ایوان اس اہم اور فوری نوعیت کے مسئلہ پر غور کرے۔"

جناب چیئرمین : آخری اس پر جناب مولانا سمیع الحق صاحب کی موشن ہے۔ وہ پڑھ دیجئے۔

مولانا سمیع الحق : میں تحریک پیش کرتا ہوں کہ "سینیٹ کا اجلاس ملتوی کر کے عوامی نوعیت کے حالیہ وقوع پذیر واقعہ کو زیر غور لایا جائے۔ کوئٹہ میں شیعہ مسلک سے وابستہ افراد کے جلوس کے سلسلہ میں انسانی جانوں کے ضیاع اور اس کے نتیجے میں نافذ ہونے والے کرفیو کے اصل محرکات و اسباب کو زیر بحث لایا جائے۔"

ایک رکن : ایک زہری صاحب کی بھی ہے۔

جناب چیئرمین : زہری صاحب کی تو ابھی میرے پاس نہیں پہنچی، اگر دی ہے تو ...(مداخلت)....

میر نبی بخش زہری : جناب اتنے ممبروں نے جو ایڈجرنمنٹ موشنز پیش کی ہیں۔ میں نے صبر سے اس لئے کام لیا کہ مجھے موقع ملے گا کہ اس میں میں اپنی رائے بھی دے سکوں۔

جناب چیئرمین : اس پر ابھی آتے ہیں۔

Would you like to hear the Members first and then reply? Let them make brief statements that might be better.

جن اصحاب نے اپنی تحریکات پیش کی ہیں۔ میرے خیال میں وہ اس کی تھوڑی بہت وضاحت بھی کر دیں۔ لیکن چونکہ وقت بہت کم ہے تو بہت ہی مختصر کریں۔ ۳-۲ منٹ سے زیادہ ایک صاحب نہ لیں۔

قاضی عبداللطیف : عبدالرحیم صاحب کے ساتھ میری بھی تحریک تھی ہماری دونوں کی اکٹھی ہیں۔

جناب چیئرمین : اکٹھی ہیں تو آپ بھی اس پر بول لیں۔ جناب جبار صاحب! شروع کیجئے۔

Mr. Javed Jabbar: I beg to move:

"That this House do now adjurn to discuss the circumstances concerning the death of six people in Quetta as a result of firing on July 6.

I believe that there are immediate ramifications for sectarian peace throughout the country as a result of this incident. I would only say that this is the latest symptom of an on-going process in the country which has been rampant for the past ten years, perhaps in which the forces of orthodoxy have encouraged this divisive business among Muslims and this is only a symptom of this malady. Therefore, one needs to adjourn the House to discuss the possible consequences for national security.

جناب چیئرمین : مولانا کوثر نیازی صاحب !

مولانا کوثر نیازی : جناب والا! پہلے تو اس کی ایڈمسبلٹی زیر بحث آئے گی، کیونکہ اگر یہ ایڈمٹ ہو گیا تو اس کے بعد رول کے تحت موور کو آدھ گھنٹہ تقریر کی اجازت ہو گی۔ اس مسئلہ پر جو میری تحریک التوا ہے میں نے اس میں ایسے مسئلے کا ذکر کیا ہے جس میں فیڈرل گورنمنٹ براہ راست ملوث ہے اور وہ کرفیو کے نفاذ سے متعلق ہے اور دوسرا پہلو اس میں فیڈرل گورنمنٹ کے ملوث ہونے کا یہ ہے کہ یہ فرقہ واریت سے متعلق ہے حکومت کی غلط مذہبی پالیسی کی وجہ سے پورے ملک میں فرقہ واریت پھیل رہی ہے۔ اور اس کا بھی تعلق براہ راست مرکزی حکومت سے ہے۔ اس لئے ان وجوہات کی بناء پر یہ پراونشل سبجیکٹ قرار دیکر رد نہیں کیا جا سکتا۔ اسے ایڈمٹ کیا جانا چاہیئے۔

جناب چیئرمین : جناب میرداد خیل صاحب !

جناب عبدالرحیم میرداد خیل : جناب عالی! آپ کو بخوبی معلوم ہے کہ بلوچستان ایک حساس صوبہ ہے اور اس کی اہمیت کے پیش نظر پورے پاکستان کا دارومدار بھی اس پر ہے۔ لہذا ضرورت اس بات کی ہے کہ بلوچستان کے وہ عناصر جو اس کی پشت پناہی کر رہے ہیں ان کے اس اقدام سے پولیس اور جو اس کے احکامات صادر کرنے والے تھے وہ کیوں بخوبی واقف نہیں ہو سکے جس کی وجہ سے اتنا بڑا نقصان ہوا۔ اگر آپ صوبائی حکومت اور وفاقی حکومت

نے اقدام کیا ہے لیکن اگر یہ اقدام بروقت کیا ہوتا تو اتنا بڑا ہنگامہ، اتنا بڑا نقصان نہ ہوتا۔ معلوم یہ ہوتا ہے کہ اس کے پیچھے بھی ایک بہت گہری سازش ہے۔ اور کراچی کے واقعات کے بعد پھر کوئٹہ کی طرف جو رخ ہوا اور اس کے بعد پھر یہ حالات رونما ہوئے ہیں۔ حکومت اس سے چشم پوشی کیوں کر رہی ہے اس کا ہمیشہ کے لئے تدارک کیا جائے تاکہ بلوچستان کے وہ غیور عوام جو سرحدات کے قریب ہیں وہ اپنی، جان و مال، عزت و آبرو کی بخوبی حفاظت کر سکیں۔

جناب چیئرمین: شکریہ، جناب قاضی لطیف صاحب!

قاضی عبداللطیف: جناب عالی! یہ افسوسناک واقعہ جو پیش آیا میرے خیال میں اس کا تعلق صرف کوئٹہ سے نہیں ہے۔ جس طریقے سے کل کے اخبارات اور آج کے اخبارات میں آیا ہے کہ بہت بڑا اسلحہ بھی وہاں سے برآمد ہوا ہے۔ یہی کیفیت میں نے اس دن بھی گزارش کی تھی۔ لیکن وزیر داخلہ صاحب نے تمام کے جوابات تو دے دیئے تھے لیکن میں نے عرض کیا تھا کہ کراچی میں بہت بڑا اسلحہ سمگل کیا جا رہا ہے اس کے متعلق انہوں نے کچھ بھی نہیں فرمایا تھا۔ یہاں بھی وہی کیفیت ہو رہی ہے۔ خدانخواستہ اگر یہی کیفیت رہی اور کچھ تخریب کار اس کی پشت پناہی کرتے رہے تو اس کا انجام یہ ہوگا کہ سارے ملک کے اندر یہ ہنگامے کھڑے ہو جائیں گے اس لیے ضروری ہے کہ اس پر بحث کی جائے اور اس کا تدارک کیا جائے۔

جناب چیئرمین: شکریہ، جناب چوہدری محمد طارق صاحب،

جناب محمد طارق چوہدری: ایسے واقعات میں عام طور پر صوبائی مسئلے کا بہانہ کر کے ان کو ملتوی کر دیا جاتا ہے۔ لیکن امن و امان کا جو بھی ایسا واقعہ رونما ہوگا وہ اسی سرزمین پر کسی نہ کسی علاقے، گاؤں یا دیہات میں ہوگا، اور کسی صوبے سے متعلق ہوگا۔ لیکن یہ واقعہ ایسا ہے جو ہوا تو اگرچہ کوئٹہ میں ہے لیکن یہ پوری قوم کو، مذہبی گروہوں کو، مرکزی حکومت کو، متاثر کرتا ہے۔ یہ

[Mr. Muhammad Tariq Chaudhry]

ایسا واقعہ ہے جس کے اسباب پہلے کراچی میں ظاہر ہوئے پھر اسلام آباد میں ہنگامے ہوئے، سیکریٹریٹ پر قبضہ کیا گیا اور اب یہ آگ جو ہے کوئٹہ تک پھیل چکی ہے۔ اور اس کے سبب لاہور میں پچھلے دنوں جلوس نکلا، مختلف شہروں میں ہنگامے ہوئے۔ تو یہ ایسا واقعہ ہے جو تمام صوبائی اور مرکزی حکومتوں کو متاثر کرتا ہے۔ اس میں اٹھنے والا قضیہ، ہونے والا ہنگامہ، پڑھنے والی گالی سب سنٹر کی طرف آتی ہے۔ اس لئے میں یہ سمجھتا ہوں کہ اس پر تفصیل سے بحث ہونی چاہیئے۔ اور اس اہم مسئلے کو حل کر کے ایسے واقعات کے اعادہ کا تدارک کیا جانا چاہیئے۔

جناب چیئرمین: مولانا سمیع الحق!

مولانا سمیع الحق: جناب چیئرمین صاحب! اس وقت مرکزی حکومت کی دو اہم ترین پالیسیاں ہیں۔ ایک تو اسلامائزیشن کا کام ہے جو ۸ سال سے حکومت کے پیش نظر ہے اور تمام قوانین کو اسلامی سانچے میں ڈھالنا اس حکومت کا اولین مطمع نظر بھی ہے اور فریضہ بھی ہے۔ اور دوسرا عمل اب جمہوریت کا شروع ہو چکا ہے اور ملک کو جمہوریت سے ہمکنار کرانے کا ہے۔ تو میرا خیال ہے کہ یہ ایک وقتی واقعہ نہیں ہے، یہ ایک سلسلہ چل پڑا ہے اور یہ جو دونوں اہم ترین مقاصد ہیں، الحمدللہ پاکستان کے تمام مسلمان اس کے لئے جدوجہد کر رہے ہیں۔ یہ اس جمہوری عمل اور اسلامائزیشن دونوں عملوں کو سبوتاژ کرنے کے لئے کچھ سلسلے چل رہے ہیں۔ حیرانگی ہے کہ کوئٹہ جیسی جگہ میں یہ مسئلہ تھا ہی نہیں لیکن اس کو منتخب کیا گیا کیونکہ اسکے پڑوس میں کچھ ایسے لوگ ہیں کہ وہ بعض اسلامی ممالک بالخصوص سعودی عرب، عرب ممالک اور پاکستان میں اطمینان اور سلامتی اور استحکام نہیں دیکھنا چاہتے۔ تو اس کے پورے عواقب کو اور محرکات کو غور سے دیکھا جائے۔ یہ صرف داخلی مسئلہ نہیں ہے۔ میں کہتا ہوں کہ اس میں خارجہ محرکات بھی ہیں، انکو بھی دیکھا جائے۔

جناب چیئرمین: ملک فرید اللہ خان صاحب!

ملک فرید اللہ خان : جناب چیئرمین صاحب ! میں اس مسئلہ کی admissibility پر بات کروں گا نظر یہی آتا ہے کہ وزیر داخلہ صاحب اسکو صوبائی مسئلہ قرار دیکر admit نہیں کریں گے۔

جناب چیئرمین : آپ اسکو اینٹی سیپیٹ نہ کریں، آپ اپنا نقطہ نظر پیش کریں۔

ملک فرید اللہ خان : چونکہ کوئٹہ کا نظم ونسق فوج کے حوالے کر دیا گیا ہے اور فوج ایک فیڈرل سبجیکٹ ہے، صوبے سے تعلق نہیں رکھتا۔ تو اس لئے گزارش ہے کہ اس تحریک پر بحث کی اجازت دی جائے۔

جناب چیئرمین : جناب زہری صاحب !

میر نبی بخش زہری : جناب والا ! یہ واقعہ پاکستان کے ایک شہر کوئٹہ میں ہوا ہے۔ اگر ہم تخریبی پہلو پر نہیں صرف تعمیری پہلو پر بات کریں تو یہ زیادہ بہتر ہوگا اور ہمیں اجازت دی جائے کہ ہم اس پر بحث کریں۔

جناب چیئرمین : جناب حسن اے شیخ صاحب !

Mr. Hasan A. Shaikh: Mr. Chairman, there is no doubt that it is a very sad occurrence, we all regret that the occurrence has taken place. But when you consider the admissibility of a motion before this House you have to be guided, whether you like it or not, by the rules of procedure. This is a law and order situation, the local authorities, the local Govt., the Provincial Govt. are seized of the matter. The Central Govt. cannot interfere. Rule 71, sub rule (f) says.

> "it shall relate to a matter which is primarily the concern of the Central Govt., not merely the concern of the Central Govt., but primarily the concern of the Central Govt."

Therefore, my submission is that it is not admissible. It may create unnecessary repercussions which none of us would like to face. I think, Shias and Sunnys have always lived like brothers in Pakistan, sometimes some people do make mistakes but for that the whole community should not suffer. We consider Shias as our brothers and the Shias consider Sunnys as their brothers, and they should be allowed to go in a brotherly fashion without entering into a debate.

Mr. Chairman: Now, that you are on your feet kindly enlighten the House on two other aspects. The first one is about misreporting of the

[Mr. Chairman]

Govt. News Agency regarding killing of a person in Quetta. Whether that would be the direct concern of the Federal Govt. or otherwise. I would like to hear some comments on this and then the imposition of curfew, which means that if army is called in the aid of Civil Power, does the matter still remain a Provincial subject or does it become the responsibility of Federal Govt.

Mr. Hasan A. Shaikh: Sir, if the Provincial Govt. calls the Army to the aid of Civil Power it still continues to remain within the ambt of the Provincial Govt. As far as misreporting is concerned the question is one of fact whether the report was correct or not. It is a question of fact and then again whether that reporting was done only by the Central Agency or was done by the Central media? Therefore, these are not matters which primarily relate to the Central Govt. because it states merely a concern of the Central Govt., the wordings are primarily the concern of the Central Govt.,

جناب چیئرمین : سید محمد فضل صاحب !

انجینئر سید محمد فضل آغا : جناب چیئرمین صاحب ! جیسا کہ شیخ صاحب نے انٹرپریٹیشن دی ہے یہ سنی اور شیعہ کا تو مسئلہ ہی نہیں ہے۔ اگر شیخ صاحب اس ہاؤس میں اس کو یہ مسئلہ بنائیں تو یہ دوسری بات ہے۔ یہ لاء اینڈ آرڈر کا مسئلہ ہے۔

جناب حسن اے شیخ : میں بالکل نہیں بنانا چاہتا۔

Mr. Chairman: No cross-talk please. I don't think he suggested that.

Engineer Syed Muhammad Fazal Agha: He was in a context speaking like that.

اس بات پر تو بات نہیں ہو رہی بات یہ ہے کہ یہ لاء اینڈ آرڈر کا مسئلہ ہے۔ کوئٹہ میں اتنا بڑا حادثہ ہوا ہے اس کے لئے ذمہ دار کون ہے پولیس ہے پبلک ہے یا فیڈرل گورنمنٹ ہے یا صوبائی گورنمنٹ ہے۔ آپ نے صحیح فرمایا کہ آرمی وہاں پر موجود ہے، کرفیو ہے۔ تو یہ سنٹرل گورنمنٹ سبجیکٹ میں آ سکتا ہے کیونکہ پولیس بھی سنٹرل گورنمنٹ کے ماتحت ہے۔ تو میری یہ گزارش ہے کہ اسے بحث کے لئے منظور کیا جائے۔

جناب چیئرمین : جناب شاد محمد خان صاحب !

جناب شاد محمد خان : جناب والا! یہ احساس کرنا پڑتا ہے کہ تحاریک التواء کو اگر پڑھا جائے تو یہ نتیجہ اخذ کیا جائے گا کہ سیاسی تشخص کے لئے اس پلیٹ فارم کو استعمال کرنا معیوب ہے۔ دوسری طرف جناب والا! یہ نتیجہ ہے اس جلوس کے نکالنے کا جو ایک فرقے نے نکالا ہے۔ اس سلسلہ میں یہ واقعات رونما ہوئے ہیں۔ لہذا یہ ہاؤس اور ہم خود بھی اس مسئلہ پر زیادہ بات نہ کریں۔ اسے اجاگر نہ کریں کیونکہ ایسا کرنے سے اور زیادہ ٹینشن پیدا ہوگا۔ اسے سیاسی پلیٹ فارم کے طور پر استعمال نہ کیا جائے۔ اس سے گریز کیا جائے۔

جناب چیئرمین : فصیح اقبال صاحب!

سید فصیح اقبال : جناب چیئرمین صاحب! یہ مسئلہ جو ابھی آپ کے زیر بحث آیا ہے یہ سنٹرل سبجیکٹ بھی ہے اور پراونشل سبجیکٹ بھی ہے۔ اس میں سب سے بڑا مسئلہ یہ ہے کہ جو خبر پر سنسر شپ نافذ ہوئی تھی وہ فیڈرل گورنمنٹ سے ہوئی اور انہوں نے صوبائی حکومت کو ہدایت کی کہ جو خبر جا رہی ہے وہی چھاپی جائے۔ جبکہ سارے شہر کو پتا تھا کہ یہ ناخوشگوار واقعہ ہوا ہے۔ ہم چاہتے تھے کہ ایسی خبریں نہ ہوں جس سے مزید افواہیں پھیلیں۔ لیکن جو افواہیں پورے ملک میں پھیلی ہیں اور بی بی سی اور دوسرے ذرائع ابلاغ نے جو چیزیں معلوم کر کے بتائی ہیں اس سے بہت بڑا فرق یہ ہوا ہے کہ اب تک حکومت اسی پالیسی پر ہے کہ صحیح خبروں کو چھپایا جائے اس سے مرکزی حکومت کو بھی نقصان ہوتا ہے۔ ہماری صوبائی حکومت کو بھی نقصان ہوتا ہے عوام میں خوف و ہراس پھیلا ہوا تھا کہ سینکڑوں کی تعداد کا ذکر آیا جبکہ وہاں صحیح صورتحال یہ ہے کہ ۴۲ افراد کی جانیں ضائع ہوئی ہیں، جو لوگوں کو علم ہے اور صحیح خبر تھی۔ یہ قابل مذمت تو اپنی جگہ پر ہے لیکن یہ دیکھنا کہ صوبائی اور دونوں حکومتوں نے سنسر نافذ کیا۔ کسی بھی اخبار کو اجازت نہیں تھی کہ پریس نوٹ کے علاوہ کوئی خبر چھاپی جائے۔ لہذا سب سے پہلے یہ مسئلہ زیر بحث لایا جائے کہ آئندہ ایسے واقعات رونما ہوتے ہیں تو نہ ہوں لیکن جب رونما ہوتے ہیں تو صحیح صورتحال سے لوگوں کو آگاہ کیا جائے۔ اسے چھپانے سے جہاں پریس کی حق تلفی ہوتی

[Syed Faseih Iqbal]

ہے وہاں لوگوں کو بھی صورتحال کا صحیح علم نہیں ہوتا اور افواہوں سے مزید خطرات کا بھی سامنا ہوتا ہے۔

جناب چیئرمین : مولانا کوثر نیازی صاحب!

مولانا کوثر نیازی : جناب والا! میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ جناب حسن اے شیخ نے چونکہ ایک نئی بحث چھیڑ دی ہے اس لئے میں آپکی سہولت اور غور کے لئے پوائنٹ یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ یہ بھی آپ غور فرمائیں کہ کوئٹہ میں جو جلوس نکلا اور جسکی وجہ سے یہ حادثہ ہوا وہ حکومت کی ایک غلط پالیسی کے خلاف احتجاج کرنے کے لئے ہوا اور وہ پالیسی مرکزی حکومت کی تھی اس لئے اس سارے واقعہ کی ذمہ داری مرکزی حکومت پر عائد ہوتی ہے۔

جناب چیئرمین : جب اس مسئلے پر بحث ہو تو یہ پوائنٹ آ سکتا ہے، admissibility سٹیج پر یہ نہیں آ سکتا۔ سومرو صاحب! آپ پوائنٹ آف آرڈر raise کرنا چاہتے تھے؟

جناب احمد میاں سومرو : جناب والا! میرا پوائنٹ آف آرڈر یہ ہے کہ اگر ہاؤس یہ محسوس کرے کہ یہ ایک اہم معاملہ ہے تو ہاؤس کو اختیار ہے کہ وہ رولز آف بزنس کو سسپنڈ کرے، یہ ہمارا اختیار ہے۔ تو اس لئے یہ کہنا کہ یہ رولز کے تحت نہیں ہے تو ہاؤس اس اہم معاملے کو ڈسکس کرنے کے لئے رولز کو سسپنڈ کر سکتا ہے۔

جناب چیئرمین : جوگیزئی صاحب!

نوابزادہ جہانگیر شاہ جوگیزئی : جناب والا! یہ واقعہ جو ہوا ہے یہ کسی سنی اور شیعہ کے درمیان نہیں ہوا ہے۔ یہ پولیس اور جلوس کے درمیان ہے اور اس پر ایک انکوائری جج مقرر ہو چکا ہے۔ جب تک وہاں سے رپورٹ نہیں آ جاتی اس پر بحث کرنا فضول ہے۔ جب انکوائری جج کی رپورٹ آ جائے تو اسے اس ہاؤس کے سامنے بحث کے لئے پیش کیا جائے۔

جناب چیئرمین : مسئلے کی نوعیت کو مدنظر رکھ کر میں نے آپ حضرات کو یہ

موقع دیا کہ آپ اس پر اپنا اظہار خیال کریں۔ حالانکہ admissibility سٹیج پر آتنی رائے نہیں لی جا سکتی اور نہ رولز کے مطابق اس کا پورا جواز بنتا ہے۔ لیکن مسئلہ چونکہ اہم تھا، کچھ اس میں پوائنٹس raise کئے گئے ہیں جنکے متعلق یہ کہا جا رہا ہے کہ یہ فیڈرل گورنمنٹ کا ڈائریکٹ کنسرن ہے۔ اس لئے وزیر صاحب وضاحت فرما دیں۔

Mr. Muhammad Aslam Khan Khattak: Mr. Chairman Sir. let me say in the beginning that I am not going to take refuge under the plea that it is a provincial subject or that it is *sub-judice*. I have great respect for the feelings of the House. I would like to place before it all the facts that have come to my knowledge in my official capacity.

Sir, the most important point, before I begin to say something about this most heart-rending, most distressing event that has taken place in Quetta, a city where I have been informed that such happenings never took place before, is that the tragedy is all the more greater than that in that peaceful city such a thing should have happened. Let me also make it clear that there may be misapprehension that there was trouble between some sects. No, it was purely between the Shia and the Government. So, the fear that it may spread later on may be unjustified and I do hope that it would never happen.

Now, Sir, the most important point was the number of casualties. I would just give a little brief account that has been perceived by me and it is this that about 6,000 to 7,000 persons tried to take out a procession after a Majlis in Qandhari Imam Bara Headquarters. The police had already advised the processionists not to take out the procession. The crowd became unruly and some persons from the crowd fired at the police which resulted in a number of casualties. The police resorted to tear-gassing and returned the fire. A group of persons attacked the police-station of the area. Nine policemen died and twenty were wounded. From the civilian side, 13 died and 39 were wounded. The crowd set on fire a jeep and two trucks belonging to the police department. It also damaged two vehicles belonging to WAPDA and a private car. The branch of Muslim Commercial Bank was also burnt down. Three clinics and a godown of a local firm were damaged. The Government of Baluchistan has ordered judicial enquiry into the icident Sir, this is the official information available to me. I am not aware what has come out in the press. probably the information Minister would take cognizance of that.

[Mr. Muhammad Aslam Khan Khattak]

I would, Sir, like to make the Government's position perfectly clear on this very very sad and heart-rending incident. Why it erupted like that? Sir, the demands, I would read it with your permission, of Shia Community in Pakistan have largely emanated from its ill-founded apprehension that it will lose its identity, as a separate religious entity, in the process of Islamization which, in its opinion, has a Sunni stance. It was against this background that the Shia Community under the Leadership of late Mufti Jaafar Hussain launched the agitation in the year 1980 for the enforcement of Fiqah-e-Jaafria. This agitation was called-off when the Government agreed that the Fiqah of one sect would not be imposed on the other. Later the whole matter was examined in depth and it was the considered view of the Government that the Islamization process should be confined to the dictates of Holy Quran and Sunnah and the Laws should not reflect any particular Fiqah, except to the extent that the personal law of each sect should be based on respective Fiqah. The Constitution was amended in September, 1980 by adding an explanation to Article 227 which reads as under:—

> "In the application of this clause to the personal law of any Muslim Sect, the expression "Quran and Sunnah" shall mean the Quran and Sunnah as interpreted by that sect".

For a variety of reasons the Shia Community did not find the above amendment in line with their expectations generated by the agreement signed with Mufti Jaafar Hussain on July, 6, 1980. Their disenchantment and apprehensions were fortified when the Punjab Government on the first of October, 1984 *i.e.* 4th of Muharram, amended the Police Act of 1930 empowering the District Authorities to ban or prohibit the Azadari procession. This amendment caused a sharp reaction from the Shias. The Moosvi Group, in particular, launched an agitation for the enforcement of Fiqah Jaafria., and for the repeal of the amendment in the Police Act. The Government held a series of meetings with its leaders and finally an agreement was concluded with the Moosvi Group on May 21, 1985, providing for the appointment of a broad based committee including Cabinet Ministers, religious scholars of all *Maslaks*, to look into their demands and to arrive at the consensus on the issues involved with the over-riding consideration of maintaining sectarian harmony and promoting national cohesion. The agreement also provided that amendment in the Police Act would not have a retrospective effect on Azadari Processions.

The above agreement showed that regardless of the Government stand on Islamization process to be carried on in accordance with the Holy Quran and Sunnah, it was prepared to consider any demand to allay the apprehensionsof any Fiqah. Following the decision to set up this committee contacts were established at the Cabinet Ministers level with various

groups of Fiqah Jaafria including Arif-ul-Hussaini so as to ensure participation of all groups of Shia and Ulama, scholars of various schools of thought in the proposed committee in order to make it truly representative in character. Deobandies, Brelvies, Ahl-e-Hadis and Moosvi Groups of Fiqah-e-Jaafria nominated their representatives for inclusion in the committee. Syed Iftikhar Hussain Shah, President of Punjab Tehrik Nafazi-Fiqah Jaafria of Ariful Hussaini Group also met the Minister for Justice and Minister of State for Religious Affairs about 15 days back and promised to meet again on 30th June, with a larger delegation of Arif-ul-Hussaini Group with authority to commit on his behalf. Since no information was received until the 30th of June, efforts were made to get in touch with Iftikhar Hussain or other prominent members of Ariful Hussaini group who by then had apprently decided to go underground.

Ariful Hussaini Group, perhaps, decided to start armed agitation at Lahore, Quetta and Peshawar. This group intended to sabotage the agreement entered into by Government with his rival Syed Hamid Ali Shah Moosvi. Frankly, what was a fight between two groups, for gaining political leadership within the Shia Community assumed a political character in which non-religious demands and elements came to the forefront. This group became militant. Before I proceed further to explain the nature and objectives of the agitation started by Ariful Hussaini Group resulting in the tragic incident at Quetta, may I, with permission of the Chair, read out the various demands raised by Ariful Hussaini Group which formed the basis of this unfortunate incident at Quetta. I quote from their Pamphlet of 6th July, 1985. Sir, I would like the House to pay a careful attention to the slogans:

"— شب خون مار کر اقتدار پر ڈاکہ ڈالا گیا۔

— متفقہ اور غیر متنازعہ آئین کی بے حرمتی ہوئی۔

— عدلیہ، پریس اور انسانی حقوق پابہ زنجیر ہوئے۔

— ریفرنڈم کا عظیم فراڈ کیا گیا۔

— غیر جماعتی انتخابات کا ڈھونگ رچایا گیا۔

— وطن عزیز کو امریکی سامراج کی جھولی میں ڈال دیا گیا۔

— لوڈ شیڈنگ، پانی کی قلت اور اقتصادی تباہی پر ہم خاموش رہے مگر ظلم کی حد ہو گئی ہے۔ صبر کا پیمانہ چھلک اٹھا ہے۔ مارشل لائی انتظامیہ کا اوچھا کام پولیس ایکٹ کی دفعہ ۳ کے ذریعے عزاداری سید الشہداء پر پابندی۔

— ہم اب خاموش نہیں رہیں گے۔

[Mr. Muhammad Aslam Khan Khattak]

The demands I have read out are all political in nature except the so-called restrictions on Azadari processions under Section(3) of the Police Act. It is a matter which has since been resolved as a part of the agreement on May 21, 1985, signed by the Government and the Moosvi Group. In terms of the said agreement, Government has undertaken not to give retrospective effect to the amendment in the Police Act and assured the Shia that Azadari processions traditional or licensed being taken out years to fore would not be affected. Frankly Sir, Ariful Hussain Group's current agitation, as among others, has the following three political connotations. First, it is an internal fight between the two Groups to caputre the leadership of the Shia Community:

Second; It is inspired, definitely, Sir, by foreign elements.

Third; It has the backing of disgruntled politicians within the country.

Sir, this is the information available with the Government. The Government stands committed to the implementation, in letter and spirit, of the agreement of May 21, 1985. The proposed Committee, including Cabinet Ministers, nominees of all important sects and legal experts have been constituted and we propose to announce it shortly to examine all the demands of the Shia Community raised from time to time by its various Groups including the Moosvi Group and Ariful Hussaini Group to identify the causes of the present unrest among the Shia Community and to suggest the remedial steps keeping in view the implementability of the suggested course of action.

Now, I assure Sir, the House, through you, that our overriding consideration will be to promote sectarian hormony and national cohesion. We are here to promote understanding and to eschew sectarianism and divisive tendencies. The Quetta incident is the result of a political movement. As for as the religious issues are concerned I have already submitted that we are going ahead to tackle the issues in cooperation with all concerned. Sir, this is my official statement. Now, may I say something that I feel in my heart. You see reference has been made that, may be, some officers are at fault or guilty of neglect of duty. I also assure the House that anyone found in the administration negligent or wanting shall be dealt with after the report of the inquiry Judge is received.

In the end, Sir, may I say that Iam a Muslim. I don't belong to any sect, I believe in لا إله الا الله محمد رسول الله and I believe in,

"اللهم صلی علی محمد و علی آلہ محمد"

Beyond that Sir, may I request, through you, and through this august House, to the Ulama-i-Ikram that they should watch the clouds on our horizon. They should watch the situation building up now round about

us. In view of the internal problems that we are facing, is it time today that we should indulge in this sectarian problems and create hatred between muslim and muslim. You see, Sir, the Ulama can play a very very great role and take very great part in this and I beg of them that they should not do hunting and they should not go after one an other, They should preach Islam in accordance with their own concepts. When we stand in Khana-i-Kaba. all of us pray to the same Kaba all of us pray after the Iman of Kaba. why can't we do it in Pakistan which is an Islamic State. Let us have fraternity, let us have love, let us have affection, let us forget whether one is Shia Wahabi, Sunni or what. You see, Sir, if the Ulama still indulge in this sectarianism then what could I say to them except:

؎ چوں کفر از کعبہ برخیزد کجا ماند مسلمانی

Thank you, Sir.

May I say Sir, one thing. I think the Minister for Water and Power has just recently come from quetta and if the House would like to hear his eye views or personal experience, with your permission, I have no objection. All I have to say I have said, Sir.

مولانا کوثر نیازی :۔ point of order Sir. جناب والا!
مجھے وزیر داخلہ کی statement کا بڑا پاس ہے۔ ان کا بھی بڑا پاس ہے۔ انہوں نے بڑا impressive Statement دیا ہے لیکن میں گذارش کروں گا۔ کہ رولز کے مطابق کارروائی نہیں ہوئی۔ رولز کے مطابق کارروائی کا طریقہ یہ تھا کہ جب admissibility پر اراکین مجلس نے اپنے دلائل دیئے تھے تو آپ وزیر موصوف سے یہ پوچھتے کہ وہ اسکے admit ہونے کے حق میں ہیں۔ جب وہ کہتے کہ ہاں اس کے حق میں ہیں۔ تو پھر آپ movers کو رولز کے مطابق اپنی اپنی قرارداد پر تقریر کرنے کا حق دیتے اور آخر میں وزیر داخلہ یہ statement ارشاد فرماتے۔ اب آپ نے اس میں بالکل مختلف طریقہ استعمال کیا ہے۔ ہمیں تو آپ نے صرف admissibility تک محدود رکھا کہ اس تک بات کرو۔ ہم اگر یہ بات بھی کرنے لگتے تھے۔ کہ جناب یہ جو فصل لہلہا رہی ہے یہ آٹھ سال مذہبی تنگ نظری کے بیج بوئے گئے اس کا نتیجہ ہے آپ نے ہمیں تو روک لیا۔ لیکن وزیر صاحب نے آدھ گھنٹہ بلکہ اس سے بھی زیادہ وقت statement دینے میں صرف کیا۔ اب ایک اور وزیر صاحب جو ہیں وہ اپنی عینی شہادت پیش فرمانے لگے

[Maulana Kausar Niazi]

ہیں ۔ میں آپ سے صرف یہ رولنگ چاہتا ہوں کہ آیا آپ نے اسے بحث کے لئے ایڈمٹ کر لیا ہے ۔ میں گزارش کروں گا کہ یہ مسئلہ اتنا اہم ہے ۔ ازراہ کرم آپ اسے ایڈمٹ فرما لیں تاکہ اس مجلس کی یہ روایت بن جائے کہ پہلے سیشن میں ایک موشن تو ایڈمٹ ہو گیا ۔

Mr. Chairman: My difficulty was two fold, one was that considering the importance of this issue and the interest which it has generated and to what the honourable Interior Minister has described as heartending events, I wanted some discussions to take place on this without going into technicalities. If you want to go into the technicalities then, I am afraid, the motion may not be admissible. But in order to obviate the possibility of rejecting the motion and in order to give an opportunity to all the honourable Members without having to adjourn the House which in a sense has been adjourned for this one or one and a half hours discussion. Would you like........(Interruption).

Mr. Muhammad Aslam Khan Khattak: May I say one word. It was completely in deference and respect to the House, that we agreed to discuss and I gave an official explanation. I would beg of Moulana Sahib that Members from Quetta en-bloc came to me and they said that' we understand the Government position and we would not like to discuss this question any further.'

Mr. Chairman: If we go actually......(Interruption)

Mr. Muhammad Aslam Khan Khattak: I think, Sir, any more discussion at this time would not be in the in terest of. ....(Interruption).

Mr. Chairman:......Would be counter productive. The question, actually, before me is that it is essentially a Provincial subject, we can't run away from there. It is a law and order question, please. I don't think you have the right to speak, now. There is an Inquiry Committee going on under a Judge of the High Court, so it is quasi judicial or a judicial proceeding already underway. The rules very early prescribe what the position in those circumstances is.

An honourable Member: Point of Order, Sir.

Mr. Chairman: Yes, please, what is the point of order?

ایک معزز رکن : Point of order Sir. وزیر داخلہ صاحب نے فرمایا ہے کہ ہم en-bloc ان کے پاس گئے ہیں تو کم از کم میں ان میں سے نہیں ہوں پتہ نہیں کون en-bloc ان کے پاس گئے ہوں گے؟

جناب چیئرمین : یہ پوائنٹ آف آرڈر نہ ہوا ۔ آپ اس میں نہیں گئے صرف اتنا آپ نے بتا دیا اور اسکو نوٹ کیا گیا ۔

So, the Motion, from the technical point of view, is not admissible but in order to, considering the importance, give an opportunity to every body..........(Interruption).

ایک معزز رکن: پوائنٹ آف آرڈر سر! میں پوچھنا چاہتا ہوں کہ کون کون لوگ گئے ہیں جن کا کوئٹہ سے تعلق ہے کون کون لوگ گئے ہیں؟ میں نہیں گیا ہوں۔ میرا بھی بلوچستان سے تعلق ہے۔ وہ کون کون سے لوگ تھے جو گئے ہیں ---؟

Mr. Muhammad Aslam Khan Khattak: Sir, this is so important or something so un-Parliamentary, that some Members have come to me and that I should now, repeat their names. The question is that I beg of the House that in view of the problems confronting us let us....I think we have given the Government position, we have given the casualties to them and if they like to hear the eye view report of a Minister, alright otherwise, Sir, I would beg of the House that this is not the formula we are trying to achieve.

Mr. Chairman: I think, we are not encroaching on the time which was reserved for official business which we have to complete today. Already, half an hour for adjournment motions and admissibility discussion is over. But I repeat that I deliberately gave an opportunity to this august House and the honourable. Members to express their views on a matter which the Interior Minister himself had described as heart rending event other that this, perhaps, would obviate the necessity of having to give a technical ruling on this and to adjourn the House for subsequent discussion. considering also that we have taken two full days for discussing the internal situation and these events took place much before this discussion. So, on these basis, I think, this has to be ruled out of order under rule 71 (L) which says:

> "It shall not relate to a matter pending before any Court or any other authority performing judicial or quesi judicial functions".

So, let us seek a judicial inquiry which is there already under-way. So, the motions are ruled out of order, and let us take the normal business.

An honourable Member: Point of Order, Sir.

Mr. Chairman: Yes, please.

جناب محمد طارق چوہدری: پوائنٹ آف آرڈر سر

جناب چیرمین: جی فرمائیے۔

جناب محمد طارق چوہدری: یہ ٹھیک ہے۔ لیکن یہ جو وزارت اطلاعات کے بارے میں تھا کہ انہوں نے ہمیں غلط اطلاع فراہم کی ہے۔ اس کے بارے میں کیا ہو گا۔

جناب چیئرمین : جب تحقیق ہو گئی تو اس میں یہ بھی بات آ جائے گی کہ پی پی سی نے کیا کہا اور کسی اور نے کیا کہا۔

جناب محمد طارق چوہدری : لیکن ہمیں جو misguide کیا گیا ہے پورے ملک کو اندھیرے میں رکھا گیا ہے ۔ وزارت اطلاعات نے جھوٹ کہا ہے اور ان کی اطلاع کو خود وزیر داخلہ نے رد کیا ہے بلکہ اب جو وزیر اطلاعات صاحب نے اطلاعات فراہم کی ہیں - وہ بھی غلط ہیں۔

جناب چیئرمین : میرے خیال میں ہم یہ انتظار کر لیں کہ انکوائری رپورٹ کیا آتی ہے اگر اس سے یہ بات ثابت ہوتی ہے ۔ تو آپ دوبارہ موشن پیش کر سکتے ہیں

جناب محمد طارق چوہدری : ۔ جناب والا! اس کا انکوائری سے کیا تعلق ہے انکوائری تو واقعات پر ہو رہی ہے ۔ لیکن جو واقعات غلط طور پر پیش کئے گئے ہیں اس کے متعلق میں کہہ رہا ہوں۔

جناب چیئرمین : اس کا کیسے پتہ چلے گا کہ یہ واقعہ غلط رپورٹ ہوا ہے جب تک ہمیں معلوم نہیں ہو گا کہ صحیح واقعات کیا ہیں ۔

جناب محمد طارق چوہدری : یہ تو وزیر اطلاعات صاحب نے بتا دیا ہے جتنے آدمی ہلاک ہوئے تھے ۔ انہوں نے دو پولیس والے بتائے ۔ ۹ کی بجائے ۲ بن گئے اور تین کے بجائے ۱۳ ہو گئے ۔ اگر ان کی اطلاعات پر بھی بھروسہ کیا جائے ۔

جناب چیئرمین : ۔ ہمیشہ جب بھی وقوعہ کی پہلی اطلاع آتی ہے اس کی نوعیت کچھ اور ہوتی ہے ۔ مگر تفصیلی تحقیقات سے یہ ثابت ہوتا ہے کہ پولیس والوں اور دیگر بدقسمت لوگوں کی اموات کتنی تھیں تو پھر اس بات پر بحث ہو سکتی ہے ۔ شکریہ جناب اقبال احمد خان صاحب !

CENTRAL LAW OFFICER, (AMENDMENT) ORDINANCE, 1985

Mr. Iqbal Ahmad Khan: Thank you, Sir. Mr. Chairman, with your kind permission I beg to lay before the Senate the Central Law Officers (Amendment) Ordinance, 1985, as required by clause (2) of Article 89 of the Constitution of Islamic Republic of Pakistan. Sir, in fulfillment of the requirement of the Constitution this Bill is not being introduced.

Mr. Chairman: The House notes that the honourable Minister has laid on the table of the House the Central Law Officers (Amendment) Ordinance, 1985, as required by clause (2) of Article 89 of the Constitution of the Islamic Republic of Pakistan.

(Interruptions).

Mr. Chairman: We should made it available during the course of the day, I think, if it is not, it would be. Next.

An honourable Member: Sir, this is not being discussed in this Session.

Mr. Chairman: True, but they want copies, I think, they should be made available. They would be circulated. Next.

REPRESENTATION OF THE PEOPLES (EIGHTH AMENDMENT) BILL, 1985

Mr. Iqbal Ahmad Khan: Sir, with your kind permission, I move on to the Legislative Business and the motion to amend the Representation of the Peoples Act, 1976 which is called the Representation of the Peoples (Eighth Amendment) Bill, 1985 and is already pending for consideration.

I will briefily state what this amendment is? Sir, sub-section (1) of Section 50 of the Representation of the Peoples Act, 1978 requires every contesting candidate to submit a return of his election to the Returning Officer. Of the recent elections several candidates had requested the President to dispense with the requirements of the limit on the election expenses as it had been exceeded due to the rising cost of printing etc. and the President had been pleased to accede to the request and to add a new sub-section (3) to the sub-section. Rule 41 of the Rules made under the Representation of the Peoples Act, 1976 contemplates that a Member of the National Assembly or a Provincial Assembly may subscribe to only one nomination paper for election to that Assembly either as a proposer or as a seconder. The Representation of the Peoples (Eighth Amendment) Ordinance, 1985 amended section 50 of the Representation of the Peoples Act, 1976 so as to disqualify, for membership of any Assembly, any Member, who subscribes to more than one nomination paper. The Bill seeks to place the aforesaid amendments on a permanent footing.

Mr. Chairman: Is the motion being opposed? Would any honourable Member like to express any view on it at this stage? Please, Mr. Javed Jabbar? Mr. Javed.

Mr. Javed Jabbar: Sir, while, of course, I realize my omission in not submitting a proposed amendment to this Bill earlier but I believe the matter is sufficiently relevant for me to be given an opportunity to make a comment. Sir, I believe that the omission of the Senate from this exemption would cause undue speculation as to this great favour bestowed upon the Members of the Provincial Assemblies or the National Assembly whereas the Senators are still required to submit election expenses. So, I would suggest for the law to be fair.

Mr. Chairman: I think that everybody had done it already.

Mr. Javed Jabbar: Yes, Sir, I know, but if this happens to be a law. Surely, when you discriminate between two elected bodies. Is not this a discrepancy in the law when you exempt one body and do not exempt the other, both at the Federal level.

Mr. Chairman: I think, it now has been *res judicata*. It has been decided already. But any way, any other view on the subject. Mr. Soomro:

Mr. Ahmed Mian Soomro: This is already a *fait accompli* and for the Senate also it is a *fait accompli*. But this Act, as they are amending, I think relates to the future also, as it is going to be a permanent law on the statute book. Does he mean to provide it only for that what has happened or he wants this amendment in the law, as amended, by this to be a permanent statute, Sir.

پروفیسر خورشید احمد: میرے خیال میں کسی ترمیم کی ضرورت نہیں ہے کیونکہ قانون میں جو بات کہی گئی ہے وہ یہ ہے کہ ایک خاص انتخاب میں اخراجات جو حد سے آگے بڑھ گئے ہیں۔ انہیں کنٹرول کیا جائے گا۔ لیکن قانون یہ لایا جا رہا ہے کہ آئندہ اس چیز کی ضرورت نہیں رہے گی۔

جناب چیئرمین: جناب وزیر انصاف صاحب۔

جناب اقبال احمد خان: جناب چیئرمین، یہ امنڈمنٹ جناب پریذیڈنٹ صاحب کے اس فیصلے کے مطابق ہے۔ جو نیشنل اسمبلی کے منتخب اراکین سے ملاقات کے بعد انہوں نے فرمایا تھا۔ میں پریذیڈنٹ صاحب کا اعلان معزز ایوان کے معزز اراکین کو یاد دلانا چاہتا ہوں۔ انہوں نے فرمایا تھا کہ اس دفعہ صورتحال الیکشن میں کچھ ایسی تھی لیکن آئندہ کے لئے انہوں نے پارلیمنٹ پر چھوڑا ہے کہ وہ اس مسئلے پر کوئی قانون بنائے جس کے ذریعے سے ریٹرن والی کنڈیشن اس طریقے سے قانون میں لائی جائے کہ اس پر عملدرآمد بھی ہو سکے۔ چنانچہ ان کے اعلان کے بعد یہ امنڈمنٹ اس قانون میں move کر رہے ہیں۔ لیکن بہت جلد قانون آپ کے مشورے سے واپس کیا جائے گا۔ ایک اور باضابطہ قانون آپ کی خدمت میں پیش کیا جائے گا۔ جس کے مطابق آئندہ انتخابات میں عمل کرنا ہوگا۔

جناب چیئرمین: گیلری میں موجود حضرات براہ مہربانی بالکل خاموش رہیں۔

جناب اقبال احمد خان : میں نے عرض کیا ہے کہ ہم اس پر غور کر رہے ہیں۔ اور مستقبل کے لئے باضابطہ قانون اس ضمن میں پیش کیا جائے گا۔

پروفیسر خورشید احمد : کیا اس قانون کے سلسلے میں بھی کوئی ایسی مجبوری ہے کہ جسے لازماً اسی سیشن میں پاس ہونا چاہیے۔ بہتر ہو گا کہ بار بار قانون لانے کی بجائے ایک ہی مرتبہ قانون لایا جائے

جناب اقبال احمد خان : جیسا کہ میں نے شروع میں عرض کیا تھا کہ ۸ ایسے بل ہیں جن میں سے یہ آخری ہے۔ اس میں بھی آخری تاریخ ہے۔ یہی مجبوری ہے چونکہ اس پر ریٹرنز کا مسئلہ ہے۔ اگر ہم اسے ایڈاپٹ نہ کریں تو یہ lapse ہو جائے گا تو یہ کافی الجھنیں پیدا کر سکتا ہے۔ کیونکہ تمام ہاؤسز کو سوائے سینٹ کے ریٹرن فائل کرنے سے مستثنیٰ قرار دیا گیا تھا۔ اور اگر یہ lapse ہونا ہے تو پھر ایسی الجھن ہو گی کہ قومی سطح پر ایک بحران پیدا ہو سکتا ہے۔

Mr. Chairman: Do I take it that the Government would be willing to undertake fresh legislation on this?

Mr. Iqbal Ahmad Khan: We are going to do it.

Mr. Ahmed Mian Soomro: Point of order, Sir. Will not the fact of passing this Ordinance serve that purpose because this has already happend. So, if this Ordinance lapses, their purpose is served and for the future also the purpose is served.

Mr. Chairman: The action taken previously would be illegal. It is as obvious as that.

Mr. Ahmed Mian Soomro: It is a *fait accompli* already.

Mr. Chairman: No, it is not *fait accompli* because it has been done under an enactment and if that enactment is not properly enacted then that action becomes illegal. So, we have to rectify that.

Mr. Ahmed Mian Soomro: It would only lapse, not all what has been already acted upon under that Ordinance which was passed prior

to enforcement of this Constitution. This Ordinance was passed, as we discussed yesterday at length and I need not waste the time of the House, this Ordinance was passed at a time before the 23rd of March.

Mr. Chairman: But if the honourable Minister has given the assurance that they are looking into this and it will have to be allowed, which is practical, which is pragmatic and they would be taking the initiative themselves, there is no bar for any other honourable Member......(Interruption)

Mr. Ahmed Mian Soomro: I think, I have not made my point clear to you, Sir. We have no objection in accepting that point of view, and that of the Law Minister. But the question is that whether that is not automatically served.

Mr. Chairman: I do not think so.

جناب اقبال احمد خان: میں نے عرض کیا ہے اس قانون کو ہم نے appropriate تصور نہیں کیا اس لئے ہمیں ہر حالت میں نیا قانون بنانا پڑے گا جس پر عملدرآمد ہو سکے تو وہ آج Lapse ہی ہونے دیں اور اگر ان کا نقطہ نظر قبول کر بھی لیا جائے تو پھر بھی مسئلہ حل نہیں ہو گا۔ ہمیں ہر حال میں ایک نیا قانون بنانا ہو گا۔ اور وہ جلد آپکی خدمت میں پیش کر دیا جائے گا انشاءاللہ

Mr. Chairman: So, we take up clause by clause reading of the Bill.

Mr. Iqbal Ahmad Khan: Sir, the Motion be put before the House.

Mr. Chairman: Item 3. The Motion before the House is:

"That the Bill further to amend the Representation of Peoples Act, 1976, to be called the Representation of Peoples (Eighth Amendment) Bill, 1985 as passed by the National Assembly, be taken into consideration."

(The Motion was adopted).

Mr. Chairman: Clause by clause consideration. There is an amendment moved by Mr. Soomro that the Bill should be referred to the Standing Committee for report.

Mr. Ahmed Mian Soomro: I am not pressing my Motion.

Mr. Iqbal Ahmad Khan: That stage is over, Sir.

Mr. Chairman: He is not moving it at any rate. So, let us take clause 2. There is an amendment standing in the name of Mr. Soomro to this clause also. I hope you are not moving it.

Mr. Ahmed Mian Soomro: I am not moving it but I would like to know how does the Government say that I have no right to move it.

Mr. Chairman: No, you have the right.

Mr. Iqbal Ahmad Khan: The earlier part. I am only submiting with regard to your amendments Nos, 1 and 2 and not about 3. You have the right to move your amendment No. 3.

Mr. Chairman: So, the question before the House is:

"That clause 2 forms part of the Bill."

(The Motion was carried).

Mr. Chairman: Clause 2 stands part of the Bill Next, clause 3; again there is an amendment proposed by Mr. Soomro.

Mr. Ahmed Mian Soomro: I am not moving it.

Mr. Chairman: So, you withdraw it. The question before the House is:

"That clause 3 forms part of the Bill."

(The Motion was carried).

Mr. Chairman: Clause 3 stands part of the Bill. Clause 4. There is no amendment to it. I think the question can be put straightaway. The question before the House is:

"That Clause 4 forms part of the Bill."

(The Motion was carried).

Mr. Chairman: Clause 4 stands part of the Bill. We take up preamble nomenclature and clause 1.

[Mr. Chairman]
The question is:

"That the preamble, nomenclature and clause 1 form part of the Bill."

(The Motion was carried).

Mr. Chairman: The Preamble, nomenclature and clause 1 stand part of the Bill. Next, would you move?

Mr. Iqbal Ahmad Khan: Sir, with your kind permission I move:

"That the Bill further to amend the Representation of Peoples Act, 1976, to be called the Representation of Peoples (Eighth Amendment) Bill, 1985 be passed."

Mr. Chairman: Would anybody like to speak at this stage?

Mr. Ahmed Mian Soomro: Sir, please let us know what is the idea behind bringing of more than one proposal because usually it is the number of seats; if there are two seats you can propose two persons. So, what was the object behind this amendment.

Mr. Iqbal Ahmad Khan: Which one, Sir?

Mr. Chairman: He is referring to 3-E. I think the idea was that some member might have proposed contrary to the rules.

جناب اقبال احمد خان :- جناب میں عرض کرتا ہوں کہ جو ہمارے الیکشن لاز ہیں۔ اس میں یہ دیا ہوا تھا کہ جو نامینیشن پیپر مخصوص نشستوں کے متعلق عورتوں کے تھے۔ اس میں تجویز کنندہ کے متعلق لکھا تھا کہ "میں ایک سے زیادہ کسی کو تجویز نہیں کروں گا، لیکن اس الیکشن میں کچھ معزز اراکین نے ایک سے زیادہ امیدواروں کو Subscribe کر دیا ہے [illegible] [illegible] کیا گیا ہے کہ صرف ایک ممبر بطور نمبر ایک ہی امیدوار کو subscribe کر سکے یا سیکنڈ کر سکے۔

Mr. Ahmed Mian Soomro: If there are more than one seats, you propose only one person but these elections had already finished, completed and results declared. That is why I was requesting you to point out.

جناب اقبال احمد خان: ایک سینٹ سے زیادہ کے علاوہ کسی جگہ ایک سیٹ تھی کسی جگہ ایک سے زیادہ بھی ہو سکتی ہے۔ لیکن کسی جگہ ایک ایک ہی سیٹ ہے تو سب کو universal بنانے کیلئے کیا گیا ہے

Mr. Chairman: The question before the House is:

"That the Bill further to amend the Representation of Peoples Act, 1976 to be called the Representation of Peoples (Eighth Amendment) Bill, 1985 be passed."

(The Motion was carried).

Mr. Chairman: The Bill is passed Next.

MEMBERS OF PARLIAMENT SALARIES AND ALLOWANCES (AMENDMENT) BILL, 1985

Mr. Iqbal Ahmad Khan: The motion before the House is:

"That the Bill further to amend the Members of Parliament Salaries and Allowances Act, 1974 that is called the Members of Parliament Salaries and Allowances (Amendment) Bill 1985, as passed by the National Assembly, be taken into consideration."

سر اس میں جنرل کنونشن یہ رہا ہے کہ اس قسم کے بلوں پر ڈسکشن نہیں کی جاتی۔ یہ ممبروں کی سیلری اور الاؤنسز کے متعلق ہوتے ہیں۔ originally ۱۹۷۴ میں یہ ایکٹ بنا تھا جس میں ان کے کچھ privilege دیئے تھے اور اسکی ضرورت محسوس کی گئی کہ اب گیارہ سال کے بعد کچھ حالات تبدیل ہو چکے ہیں۔ ان کو revise کرنا چاہیئے۔ تو اس کے مطابق مختلف الاؤنسز کو revise کیا گیا ہے salary کو آج کے حالات کے مطابق revise کیا گیا ہے۔ اگرچہ میری ذاتی رائے یہ ہے کہ دنیا کی دوسری پارلیمنٹوں کو دیکھا جائے تو اس کے مطابق ہم اپنے اراکین کو کچھ بھی سہولتیں نہیں دے سکے لیکن اپنے ملک کے حالات کے مطابق یہ کوشش کی گئی کہ ممبران کو کچھ ریلیف ملے تاکہ وہ بہتر طریقے سے اپنے علاقے کے کام میں مصروف ہو سکیں اور ہم قوم کی خدمت کر سکیں اس سلسلے میں اس سٹیج پر میں یہ گذارش کرنا چاہتا ہوں اس ایوان کے معزز رکن احمد میاں سومرو صاحب سے کہ جن سے میں نے بہت زیادہ رہنمائی حاصل کی ہے۔ انہوں نے اس بل کی ڈرافٹنگ میں کچھ نقائص

[Mr. Iqbal Ahmed Khan]

اجاگر کئے ہیں۔ میں ان کا شکر گزار ہوں یہ دراصل چار پانچ بل ۱۹۸۵ء میں ایک ہی طرح پاس ہوئے تھے ان کی ڈرافٹنگ میں کچھ نقائص ہیں۔ میں نے احمد میاں سومرو صاحب سے یہ وعدہ کیا تھا۔ کہ واقعی ڈرافٹنگ میں کچھ غلطیاں ہیں اور ان بلز کے علاوہ بھی کچھ بل ہیں جو پریذیڈنٹ، پرائم منسٹر اور ہمارے منسٹرز کے متعلق ہیں۔ ان سب کی ڈرافٹنگ کو دوبارہ چیک کروں گا اور جو جو غلطیاں ان میں پائی جائیں گی ان کی ترمیم کے لئے باضابطہ طور پر اس ایوان کو تکلیف دونگا انہوں نے اب ایک ترمیم بھی پیش کی ہے جو money bill میں آتی ہے، جس میں انہوں نے ٹیکس exemption کے متعلق کہا تھا اور آئین کے تحت وہ اس میں آ نہیں سکتا۔

میں ان کا واقعی شکر گزار ہوں۔ انہوں نے واقعی میری بہت رہنمائی کی اور بہت سی غلطیوں کی نشاندہی کی ہے۔ اگرچہ اس بل میں ٹائم کی کوئی قید نہیں ہے اس کو ہم ڈیلے بھی کر سکتے ہیں اس کو واپس بھی بھیج سکتے ہیں۔ اس کو کمیٹی کے سپرد بھی کر سکتے ہیں لیکن اس خیال سے چونکہ ہماری اسمبلیاں معرض وجود میں آگئی ہیں اور تین مہینے سے زیادہ عرصہ ہو گیا ہے۔ اراکین نے کام شروع کر دیا ہے اور جب تک یہ بل پاس نہ ہو۔ ان کے الاؤنسز کی ادائیگی کرنا ہمارے لئے ممکن نہیں ہے اور اراکین کو کچھ دقتیں پیش آ رہی ہیں۔ تو ان حالات میں احمد میاں سومرو اور دیگر ارکان نے compassionate گراؤنڈ پر مہربانی فرمائی اور ہماری کوتاہیوں کی نشاندہی کے ساتھ ساتھ اس کام کو آگے بڑھانے میں بھی ہماری بے پناہ امداد کی ہے اگر وہ اجازت دیں تو ہم اس بل کو اسی طرح منظور کر لیں۔ تاکہ ہماری اسمبلیوں کے الاؤنسز کا کام ریگولیٹ ہو سکے اور اس کے بعد ان کی رہنمائی کے ساتھ اور ان کے مشورے کے ساتھ۔ ان میں اصلاح کی جو ضرورت ہوگی۔ انشاء اللہ وہ کی جائے گی۔

Mr. Javed Jabbar: The honourable Minister referred to the fact that the newly increased amount for Members of Parliament correspond favourably with the salary structure with other Parliaments.

Mr. Chairman: He said "we are not giving even a fraction what other Parliaments are giving to their honourable Members."

قاضی حسین احمد: میں اس بل کی مخالفت تو نہیں کرنا چاہتا۔ لیکن میں اسی وقت

ایک تجویز پیش کرتا ہوں اور یہ اس کا مناسب وقت ہے۔ اس کی وجہ سے اس ایوان کا وقار بھی بڑھ جائے گا اس کی وجہ سے ہم ایک اچھی مثال قائم کریں گے کہ ہم ایک سینیٹ ایمپلائز ویلفیئر فنڈ (Senate Employees welfare Fund) قائم کریں اور جو سینیٹر خود اپنی تنخواہ نہیں لینا چاہتے وہ اپنی پوری تنخواہ اس میں دیں اور جو سینیٹر اسکا کچھ حصہ دے سکتے ہیں۔ وہ اس میں کچھ حصہ دیں اور اس کو چلانے کے لئے تین سینیٹروں کی ایک کمیٹی بنائی جائے اگر ایوان کو یہ تجویز منظور ہے تو پھر مجھے اس بل پر کوئی اعتراض نہیں ہے۔

جناب چیئرمین: پہلے تو ہم اس اسٹیج پر یہ غور کر رہے ہیں کہ ممبران صاحبان کو تنخواہ کتنی ملے۔ پہلے اس کا تعین ہو جائے، پھر جو صاحبان اپنی تنخواہ ویلفیئر فنڈ میں دینا چاہتے ہیں دیں.... (مداخلت)

قاضی حسین احمد: جناب چیئرمین! اسی کے ساتھ متعلق ہے اس لئے کہ اگر ہم اپنے پہلے اجلاس میں تنخواہوں کے اضافے کے بل پاس کرتے رہیں تو قوم کے سامنے ہمارا جو وقار ہے وہ بڑھے گا نہیں۔ اس لئے اس کے ساتھ ہی یہ تجویز بھی سامنے آنی چاہئے۔

جناب چیئرمین: کوئی اور صاحب اس پر بولنا چاہیں گے جناب فنانس منسٹر صاحب۔

Dr. Mahbubul Haq: On this particular issue the honourable Senator may consider whether he likes to bring a separate Bill before the House and if there is enough support for it then we shall certainly consider it.

Mr. Chairman: I think it will not require a Bill but it will certainly require a resolution or motion because this will be voluntary whoever wants to forego the receipt of salary, etc. they can do so.

Dr. Mahbubul Haq: Exactly, Sir, he can bring a motion separately. That will be considered on its own merit depending on the support that it receives from the House.

جناب چیئرمین: میرے خیال میں قاضی صاحب مناسب طریقہ یہی ہے کہ پہلے ان تنخواہوں کا تعین ہونے دیں۔ اور پھر علیحدہ ایک موشن یا ریزولیوشن کی فارم میں اس کو لے آئیں۔ اور جو پوائنٹ آپ کہہ رہے ہیں اس میں بہت وزن ہے۔

قاضی حسین احمد: جناب چیئرمین! پھر آپ مجھے یہ اجازت دیں تاکہ میرا وہ بل پھر قرعہ اندازی کی نذر نہ ہو جائے۔ کیونکہ میری جو پانچ قرار دادیں ہیں۔ نوراقرعہ تو خیر میں نہیں کہوں گا۔ وہ شاید غیر پارلیمانی ہے وہ قرعہ اندازی کی نذر ہو گئی ہیں۔ اور اگر یہ بھی اس کی نذر ہو گیا تو... (مداخلت)

جناب چیئرمین: یہ قرار داد حکومت خود لا سکتی ہے جب کہ قرعہ اندازی نہیں ہوگا پھر اس میں تو کوئی تکلیف نہیں ہو گی۔

Mr. Javed Jabbar: Is there an urgency to the passing of this Bill?

Mr. Chairman: The honourable Minister has explained already. The Members are waiting for their salaries to be disbursed. Now, I put the question. The question before the House is:

"That the Bill further to amend the Members of Parliament (Salaries and Allowances) Act, 1974, to be called [The Members of Parliament (Salaries and Allowances) (Amendment) Bill. 1985] as passed by the National Assembly, be taken into consideration."

(The Motion was adopted.)

Mr. Chairman: We take up clause by clause consideration. The amendments having been withdrawn. I will put it to the House straightaway. The question is:

"That clause 2 forms part of the Bill."

(The Motion was adopted).

Mr. Chairman: Clause 2 stands part of the Bill. In clause 3, the amendment suggested by Mian Ahmed Soomro having been withdrawn I put the question to the House. The question is:

"That clause 3 forms part of the Bill."

(The motion was adopted).

Mr. Chairman: Clause 3 stands part of the Bill. Clause 4. There is no amendment. The question is:

"That clause 4 forms part of the Bill."

(The Motion was adopted).

Mr. Chairman: Clause 4 stands part of the Bill. Clause 5. The question before the House is:

"That clause 5 forms part of the Bill."

(The Motion was adopted).

Mr. Chairman: Clause 5 stands part of the Bill. Clause 6. The question is:

"That clause 6 stands part of the Bill."

(The Motion was adopted).

Mr. Chairman: Clause 6 stands part of the Bill. The question before the House is:

"That clause 7 forms part of the Bill."

(The Motion was adopted.)

Mr. Chairman: Clause 7 stands part of the Bill. The question is:

"That Clause 8 forms part of the Bill."

(The Motion was adopted.)

Mr. Chairman: Clause 8 stands part of the Bill. The question before the House is:

"That clause 9 forms part of the Bill."

(The Motion was adopted.)

Mr. Chairman: Clause 9 stands part of the Bill. Motion moved. The question is:

"That the preamble, the title and clause 1, form part of the Bill."

(The Motion was adopted.)

Mr. Iqbal Ahmad Khan: Sir, I beg to move:

"That the Bill further to amend the Members of Parliament (Salaries and Allowances) Act, 1974 [The Members of Parliament (Salaries and Allowances) (Amendment) Bill, 1985], be passed."

Mr. Chairman: The question is:

"That the Bill further to amend the Members of Parliament (Salaries and Allowances) Act, 1974 [The Members of Parliament (Salaries and Allowances) (Amendment) Bill, 1985] be passed."

(*The Motion was adopted*)

Mr. Chairman: The Bill is Passed.

جناب اقبال احمد خان: جناب والا! آپ کی اجازت سے میں آپ کا اور اس معزز ایوان کا تہہ دل سے شکریہ ادا کرنا چاہتا ہوں کہ ان قوانین کی ترتیب کے سلسلے میں انہوں نے جن خیالات کا اظہار کیا اور جن خامیوں کی نشاندھی کی میری اس سے بہت رہنمائی ہوئی اور انشاءاللہ تعالیٰ آئندہ میں کوشش کروں گا کہ کوئی خامی کسی چیز میں نہ رہے لیکن انسان چونکہ خطا کار ہوتا ہے اور غلطی ہو جاتی ہے۔ مجھے توقع ہے کہ وہ اسی شفقت کے ساتھ میری رہنمائی کرتے رہیں گے اور اس تھوڑے وقت میں جو حالات کی مجبوری کی وجہ سے انہیں دیا گیا یہ کوشش کریں گے کہ آئندہ انہیں کافی وقت ملے تاکہ وہ زیادہ غور و فکر کے ساتھ اور صحیح طور پر قوانین تدوین کرنے میں ہماری مدد فرمائیں۔ ایک دفعہ پھر میں آپ کا اور ان معزز اراکین کا شکریہ ادا کرتا ہوں اور انہیں یقین دلاتا ہوں کہ ان قوانین کے منظور کرنے کے دوران، جن خیالات کا انہوں نے اظہار کیا ہے اس کا پوری طرح جائزہ لیا جائے گا اور ان کی خواہشات کا احترام کرتے ہوئے تمام قوانین میں جو ضروری ترامیم تصوّر کی جائیں گی یا جیسے میں نے عرض کیا تھا کہ اگر کسی قانون میں اسلامی نقطہ نظر سے شک و شبہ کی بات ہوئی تو اسے دور کرنے کے لئے پوری کوشش کی جائے گی۔ بہت مہربانی۔ شکریہ۔

Mr. Chairman: I would like to joint you in the expression of these sentiments for the cooperation which the august House and the individual Members have extended to the Chair in the consideration of these Bills and the passage of these Bills. Thank you very much. Now we take up the next motion. Dr. Mahbub-ul-Haq Sahib.

MODARABA COMPANIES AND MODARABA (FLOATATION AND CONTROL) (AMENDMENT) BILL, 1985

Dr. Mahbubul Haq: With your kind permission I beg to move:

"That the Bill further to amend the Modaraba Companies and Modaraba (Floatation and Control) Ordinance, 1980 (XXXI of 1980) [The

Modaraba Companies and Modaraba (Floatation and Control) (Amendment) Bill, 1985,], as passed by the National Assembly, be taken into consideration."

Sir, the basic purpose is that the Modaraba Companies have been, now, established and floated to islamize the banking system. They have had a good deal of success. We have provided in the law that their paid-up capital should be 5 million or, otherwise, 50 lacs. Under this we already, have about 5 Companies registered as Modaraba Companies and 13 others have been recognized to be as performing the purpose of Modaraba, though not registered as Modaraba. Sir, the idea was that in order to give further chance to those who do not have much capital resources, we may lower the limit of paid-up capital from 50 lacs to 25 lacs to encourage that there should be more Modaraba Companies in the country. This is the only amendment that is being suggested.

Mr. Chairman: Thank you. Motion moved is

"That the Bill further to amend the Modaraba Companies and Modaraba (Floatation and Control) Ordinance, 1980 (XXXI of 1980)[The Modaraba Companies and Modaraba (Floatation and Control) (Amendment) Bill, 1985], as passed by the National Assembly, be taken into consideration."

(The Motion was adopted.)

Mr. Iqbal Ahmad Khan: This Bill goes to the Standing Committee automatically because........(Interruption).

Mr. Chairman: Under our rules the Bills which are received from the National Assembly, would have to be dealt with differently and they do not go to the Standing Committee.

Mr. Iqbal Ahmad Khan: For this purpose if any Member so wishes he can move an amendment, under rule 106. As no such Motion has been received, therefore, this cannot be referred to the Standing Committee.

Mr. Chairman: Any other view. Then we take up clause by clause reading of the Bill. There is one amendment to Clause 2 which is the first to be considered by Professor Khurshid Ahmad Sahib.

پروفیسر خورشید احمد: جناب والا! میں آپ کی اجازت سے یہ ترمیم move کرتا ہوں کہ بل کی شق ۲ کی تیسری اور چوتھی سطور میں آنے والے الفاظ "اڑھائی بلین" کو الفاظ "ایک سو ہزار" سے بدل دیا جائے۔

Dr. Mahbubul Haq: I will like to oppose it at the moment.

Mr. Chairman: I think the right goes to Professor Khurshid Sahib.

پروفیسر خورشید احمد : دراصل جناب والا! یہ پہلا موقع ہے کہ اس نہایت اہم اور ایک نئے تصور یعنی مضاربہ کمپنیز پہ ہم اس ہاؤس میں گفتگو کر رہے ہیں اور حکومت کو بھی یہ موقع مل رہا ہے کہ وہ اس تصور کے بارے میں کم از کم تبادل آرا کو سن سکے۔ میں سمجھتا ہوں کہ مضاربہ کمپنیوں کے قیام کا قانون ایک بڑا اہم قانون ہے اور موجودہ اسلامی دنیا میں پاکستان میرے علم کی حد تک، پہلا ملک ہے جس نے جدید قانون سازی کے ذریعے ایک اسلامی تصور کو ملک کے معاشی نظام کا حصہ بنانے کی کوشش کی ہے اور یہ کوشش بڑی قابل قدر ہے لیکن جس طرح ہر بل کے بنانے میں مشکلات ہوتی ہیں میں سمجھتا ہوں کہ جن لوگوں نے یہ قانون بنایا ان کی بھی کچھ مشکلات تھیں اور جن کی عکاسی اس قانون میں پوری طرح عیاں ہوتی ہے۔

میری تجویز بڑی مختصر سی ہے کہ میں ۲۵ لاکھ کو ایک لاکھ سے تبدیل کرا رہا ہوں۔ اس کے پیچھے جو تصورات کام کر رہے ہیں ان کو سمجھنا بہت ضروری ہے۔ بدقسمتی سے مضاربہ کمپنی کو بھی مغرب کا جو لمیٹڈ لائبیلٹی کمپنی جائنٹ سٹاک کمپنی کے بارے میں جو تصور تھا اسی context میں ہمارے قانون بنانے والوں اور معاشی پالیسی بنانے والوں نے سوچا اور کم و بیش اسی چربے پر اس کو بنانے کی کوشش کی جبکہ ان کے سامنے جو مسئلہ تھا وہ بڑا بنیادی تھا۔ وہ یہ تھا کہ جس طرح سرمایہ دارانہ نظام نے جائنٹ سٹاک کمپنی کا ایک ادارہ develop کیا جس کے ذریعے سے سرمایہ دارانہ نظام کو ایک انسٹی ٹیوشنل سٹرکچر مل گیا کہ وہ وسائل کو mobilize بھی کر سکیں اور اس کے بعد اس کو investment کے لئے استعمال بھی کر سکیں۔ جب اشتراکی ممالک نے نیشنلائز کیا ہے تو انہوں نے اسی کی مناسبت سے ایک پلاننگ انسٹی ٹیوشن کو develop کیا اور اس کے ذریعے سے پورے پرائیویٹ سیکٹر کو institutionalize کیا۔ مثلاً یوگوسلاویہ میں جب خود ایک نیشنلائزڈ نظام میں مینجمنٹ فریڈم لانے کی کوشش کی تو انہوں نے ایک نیا انسٹی ٹیوشنل سٹرکچر ڈویلپ کیا۔

دراصل مضاربہ بھی ایک بنیادی انقلابی اقدام تھا جو بدقسمتی سے جائنٹ سٹاک کمپنی کے سپر سٹرکچر پر لگا دینے کی وجہ سے بے معنی ہو کر رہ گیا۔

دراصل اسلام کا بنیادی تصور یہ ہے کہ سرمایہ اور محنت اور صلاحیت ان دونوں کو مل کر کام کرنے کا موقع دیا جائے۔ سرمایہ دارانہ نظام کی کوشش یہ تھی کہ سرمائے کو ہر تحفظ حاصل ہو۔ اس لئے انہوں نے سود کو اپنے پورے نظام کی بنیاد بنایا اور سرمائے کو تحفظ دیا۔ نتیجتاً لیمیٹڈ لائیبلیٹی کی اصل کوشش یہ ہے کہ اس کے ذریعے سے سرمائے کو تحفظ حاصل ہو۔ اس لئے سود کے نظام کی اصل اہمیت یہ ہے کہ جو بھی نفع یا نقصان ہو اسے عاملین پیداوار بھگتیں لیکن سرمائے کو ایک محدود، ایک متعین، ایک محفوظ ریٹرن مل جائے۔

اسلام نے اس کے مقابلے میں جو تجارت کا طریقہ تجویز کیا ہے منجملہ اور طریقوں کے ان میں سے ایک مضاربہ ہے۔ اور مضاربہ کی بنیاد یہ تھی کہ سرمایہ اور محنت مل کر کام کریں۔ لیکن اس میں جو نقصان ہوتا ہے وہ محنت برداشت نہیں کرتی۔ میں دھراتا ہوں کہ مضاربے کا بنیادی تصور ہی یہ ہے اگر نفع ہوتا ہے تو اس صورت میں سرمایہ دینے والا اور محنت کرنے والا دونوں شریک ہوتے ہیں۔ اگر نقصان ہوتا ہے تو اس صورت میں پورا نقصان اہل سرمایہ پر پڑتا ہے۔ محنت پر نہیں پڑتا۔ اس لئے کہ محنت کے بارے میں یہ خسارہ کافی سمجھا گیا ہے۔ جو اس نے اپنا وقت لگایا اور اس نے اپنی صلاحیت استعمال کی۔ اور اگر نفع نہیں ہوا تو یہ اس کا نقصان رہا ہے۔ یہ بڑا بنیادی تصور ہے اور اس تصور کی روشنی میں ہمیں پھر ایک نیا سٹرکچر بنانا ہے۔ ہمیں نئے تجارتی ادارے بنانے ہیں۔ ہمیں اپنے عوام کے اندر ایک نیا احساس پیدا کرنا تھا کہ نیا ادارہ ہمارے آج کل کے نظاموں سے کتنا مختلف ہے۔ اور اس کو کسی طریقے سے کام کرنے کا موقع دیا جائے۔ یہ محض اس طرح نہیں ہے جس طرح کہ آپ کی پبلک لیمیٹڈ کمپنیاں ہیں۔ چونکہ ہمارے قانون میں یہ تھا کہ پرائیویٹ کمپنی پچاس لاکھ کے سرمائے سے زیادہ نہیں لگا سکتی ہے۔ اگر پچاس لاکھ سے زائد سرمایہ ہو تو اسے پبلک لیمیٹڈ کمپنی بنانا پڑے گا۔ ہم نے بھی مضاربے کو پبلک لیمیٹڈ کمپنی کی شکل دینے کی کوشش کی۔ اور پچاس لاکھ کی حد اس کے لئے مقرر کر دی۔ حالانکہ مضاربے کا مقصد ہی یہ تھا کہ ملک کا عام انسان ایک محنت کار، ایک انجینئر، ایک ڈاکٹر جس کے پاس وسائل نہیں۔ چھوٹی سطح کے اوپر ریسورسز کو موبلائیز کرے۔ اور اس طرح تجارت کی ایک نئی شکل وجود میں آئے۔

ہم نے جو کچھ بنایا ہے وہ محض سرمایہ داروں کے لئے ہے۔ زیادہ پیسے والوں کے لئے بنکوں کے لئے، ایک ادارہ ہم نے بنا دیا جس طریقے سے کہ ہمارے پاس پبلک لیمیٹڈ کمپنیاں تھیں۔ اس نے دراصل

[Prof. Khurshid Ahmed]

اس تصوّر کو kill کر دیا ہے۔ میں آپ کی خدمت میں عرض کرنا چاہتا ہوں کہ اس ملک کا مسئلہ یہی ہے کہ ہم نے اپنی معاشی پالیسی کے اندر مغرب کے دیئے ہوئے تصوّرات اور ان کے تجربات پر تکیہ کیا ہوا ہے۔ مکھی پہ مکھی مارتے ہیں۔ اور جو ہمارے مسائل ہیں اور ہمارے حقیقی مزاج ہیں۔ آخر اس مضاربہ کی بنیاد پہ تقریباً دوسو سال پہلے تک ، مسلمانوں کی تاریخ میں بارہ سو سال تک اس پر ادارے چلے ہیں۔ اور بڑی کامیابی سے چلے ہیں۔ لیکن ہم نے سوچا کہ ہم اپنے حالات کے مطابق اس کو کیسے re-create کریں۔ بلکہ ہم نے سارا نظام وہی بنایا ہے۔

میں دوسری بات کہتا ہوں کہ مضاربے میں ہر معاملے کے اندر رب المال اور مضارب دونوں کا مشورہ اور ان کے حقوق کا تحفظ ہوتا ہے لیکن آپ نے پورے قانون کا سٹرکچر ، خواہ وہ ٹریبونل ہو خواہ وہ رجسٹریشن ہو ہر ایک کے اندر آپ نے رب المال کو بالکل exclude کر دیا ہے۔ حتیٰ کہ پبلک لیمٹڈ کمپنیوں میں Share-holder کی پوزیشن کو ایک پرائیویٹ لیمٹڈ کمپنی میں ایک شیئر ہولڈر کی پوزیشن بھی آپ نے نہیں دی۔ میں نے جو معمولی سی امنڈمنٹ دی ہے اس کا مقصد ہی یہ ہے کہ آپ نے مضاربہ کمپنی کے مقصد کو نہیں سمجھا۔ نتیجتہً جو سٹرکچر آپ نے بنایا ہے وہ سرمایہ دارانہ نظام کا سٹرکچر ہے۔ اس میں مضاربہ کا نظام کامیاب نہیں ہو سکتا اس کے لئے آپ کو ایک نیا سٹرکچر بنانا پڑے گا۔ اور یہی وجہ ہے کہ آج اس قانون کو پانچ سال ہو گئے ہیں۔ لیکن صرف دو مضاربے فلوٹ (float) ہوئے ہیں۔ اور وہ دونوں کے دونوں کہاں پر ہوئے ہیں ایک بنک آف ایکوئیٹی نے کیا ہے جو بارہ لاکھ والے فلیٹس بنانے کے لئے استعمال کیا گیا۔ اور دوسرا اب حبیب گروپ لا رہا ہے۔ یہ مضاربے کے تصوّر کی ناکامی نہیں ہے۔ یہ اس بات کی ناکامی ہے کہ آپ کے قانون نے مضاربے کے تصوّر کو سمجھا نہیں ہے۔

میں یہ بھی بات عرض کرتا ہوں کہ آپ کی پوری ڈیویلپمنٹ سٹریٹجی میں زور اس پہ ہے کہ آپ jobs create کریں۔ لیکن جاب کا تصوّر آپ کا یہ ہے کہ وہ افراد جو ملازمت اختیار کریں۔ جبکہ اسلام جو معاشرہ قائم کرنا چاہتا ہے وہ ملازمت والا معاشرہ نہیں ہے۔ اسلام کے معاشرے میں لوگوں کی آزادی ، اس بات کی کوشش کہ وہ نفع نقصان میں شریک ہوں۔ وہ چھوٹا کاروبار کریں بڑا کاروبار کریں درمیانہ کاروبار کریں لیکن اس طرح کریں کہ وہ active participants ہوں۔ یہ معاہدے کا بالکل ایک نیا نقشہ اور معیشت کا بالکل نیا اصول ہمیں دیتا ہے۔ لیکن

بدقسمتی سے جو آپ نے کیا ہے اس میں پورے کا پورا تصوّر ختم ہو کر رہ گیا ہے۔ اس لئے میں عرض کرنا چاہتا ہوں کہ اگر آپ فی الحقیقت اس ملک میں معاشی کوشش کو نئی opportunities کو ان نئی شکلوں میں لانا چاہتے ہیں جو اسلام نے بتائی ہیں۔ جس میں مضاربہ ایک بنیادی شکل ہے تو آپ کو اسے عام آدمی کے لئے فراہم کرنا ہوگا۔ اور آپ کی یہ پابندی کہ پانچ لاکھ سے کم سرمائے کے اوپر مضاربہ کمپنی وجود میں نہیں آ سکتی ہے تو اس میں دراصل اس تصوّر کو سٹل برتھ دی۔ میں عرض کرنا چاہتا ہوں کہ خود آپ کی پرائیویٹ لیمیٹڈ کمپنیز جو ہیں ان کے لئے کوئی کم سے کم سرمائے کی حد دیں۔ اور اگر آپ اس کا شیڈول مطالعہ کریں تو آپ دیکھیں گے کہ جو مثالیں دی گئی ہیں وہ بیس ہزار روپے کی بنیاد پر دی گئی ہیں۔ آپ کے جو سمال سکیل انسٹی ٹیوشنز ہیں ان کے لئے میکسیمم لمٹ ڈیڑھ لاکھ کی ہے۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ وہ افراد جو ایک لاکھ پچاس ہزار یا ڈیڑھ لاکھ کا سرمایہ فراہم کر سکتے ہیں وہ اس بنیاد پر کام کر سکتے ہیں۔ لیکن آپ نے "قانون کے ذریعے سے مضاربے کی بنیاد پر کام کرنے کے دروازے بند کر دیئے ہیں۔ اس لئے کہ مضاربے کا قانون صاف الفاظ میں کہتا ہے کہ کوئی ایسی کمپنی مضاربے کا کام نہیں کر سکتی۔

I read out Section 4:

"No company to operate without registration. No Modaraba Company shall operate without registering itself with the Registrar."

اور رجسٹر آپ ہو سکتے ہیں جب کہ آپ کے پاس پچاس لاکھ کا سرمایہ ہو یا کم سے کم آپ پچیس لاکھ کریں میں یہ کہنا چاہتا ہوں کہ اس بنیاد پر اس ملک میں مضاربے کا نظام کبھی نہیں آ سکتا۔ مضاربے کا مقصد ہی یہ ہے کہ ایک عام آدمی کو کم وسائل والے آدمی کو آپ یہ چیزیں فراہم کیجئے۔ یہی وہ روایت تھی جو دور اوّل میں قائم ہوئی اور آج اسی کو ہمارے ملک کو ضرورت ہے۔

اس لئے حقیقت یہ ہے کہ آپ سرمایہ دارانہ صنعت کاری کے اصول کی بنیاد پر جتنا سرمایہ لگا کر نئے jobs create کر رہے ہیں جو آپ کی لیبر فورس میں اضافہ ہو رہا ہے یا آپ کی آبادی میں اضافہ ہو رہا ہے ان کو آپ روزگار فراہم نہیں کر سکتے۔ آپ کے ہاں بے روزگاری ہے اور اس سے زیادہ بڑا معمہ یہ ہے کہ آپ کی ورکنگ لیبر فورس میں جو پوٹینشل ہے اور جو ایکچوئیل لیبر فورس ہے دونوں میں بڑا فرق ہے۔ اگر میں ۲۸۲ کے census کو لوں تو آپ کے پاس انتیس ملین وہ افراد

[Prof. Khurshid Ahmed]

ہیں جو ورکنگ ایجز کے اندر آتے ہیں ۔ لیکن ایکچوئیل آپ کی جو لیبر فورس ہے مردوں کی وہ صرف اکیس ملین بنتی ہے اور میرا ایک مقصد یہ ہے کہ دراصل ایک بڑا طبقہ موجود ہے جو کام کرنا چاہتا ہے لیکن آپ کی لیبر فورس کی تعریف میں نہیں آتا ۔ لیکن مضاربے کا یہ کنٹربیوشن ہوگا کہ ان تمام افراد کو ہم اکنامیکلی ایکٹو بنا سکیں گے ۔ اس لئے میں آپ کو اس مقام پر لانا چاہتا ہوں جہاں معمولی وسائل والے افراد بھی مضاربے کے دائرے میں کام کر سکیں ۔ اور اس طرح ایک دو نہیں ہزاروں لاکھوں کی تعداد میں مضاربہ کی کمپنیاں وجود میں آ سکتی ہیں ۔

آپ کا یہ خیال کہ اس طریقے سے mismanagement کا خطرہ ہے تو مجھے پتہ ہے کہ جس وقت یہ قانون بن رہا تھا اس وقت پرائیویٹ کمپنیوں کا بیک گراونڈ ہمارے سامنے تھا اور فطری طور پر کچھ احتیاطیں برتی گئیں ۔ آپ قانون ضرور بنائیے ، ریگولیٹ ضرور کیجئے ۔ لیکن موقع دیجئے آبادی کے اس طبقے کو وسائل والے افراد کو جو فی الحقیقت اس ملک کی اصل backbone ہیں جن کی بنا پر آج آپ کا انفارمل سیکٹر کام کر رہا ہے ۔ بڑے بڑے سرمایہ دار مضاربے کی بنیاد پر کام نہیں کریں گے ۔ اس طرح یہ معاملہ ختم ہو کر رہ جائے گا ۔ میں چاہتا ہوں کہ اس پر آپ از سر نو غور کریں ۔ یہ معاملہ کسی گروہ کا نہیں ہے ۔ کسی پارٹی کا نہیں ہے ۔ حکومت کی ہم مدد کرنا چاہتے ہیں انسٹیٹیوشنز کو ہم کامیاب بنانا چاہتے ہیں ۔ اس لئے وزیر خزانہ اس تجویز کو منظور کریں یا سوچیں کہ کس طرح وہ اپنے پورے مضاربہ کے قانون کو re-caste کریں تاکہ فی الحقیقت یہ ایک مؤثر ادارہ بن سکے ۔

جناب چیئرمین : شکریہ ۔

Mr. Ahmed Mian Soomro: Sir, I would respectfully draw your attention to rule 105 of the Rules of Procedure and then we may suspend it in order to carry on with this. Sir, on the day on which such Motion, that means the motion for taking into consideration which we have passed today, is made or on any subsequent day on which the discussion is postponed, the principles of the Bill and its general provisions may be discussed but the details of the Bills shall not be discussed other than that is necessary to explain its principles. So, let us suspend this rule and then carry on further.

Mr. Chairman: Your are speaking on his amendment.

Mr. Ahmed Mian Soomro: I am saying whether we can go further on the stage of consideration in view of rule 105.......(Interruption)....

Mr. Chairman: It is not a question of suspension. The motion was moved. It was carried out and now we have taken the second reading or the clause by clause reading.

Mr. Ahmed Mian Soomro: Sir, will you bye-pass the rule 105?

Mr. Chairman: No, we have not bye-passed any rule, but, actually, the motion was put and the principles and the general provisions of the first reading were discussed. The hounurable Minister for Finance has explained that no discussion took place on this but here Prof. Khurshid Sahib has taken the opportunity of his amendment to speak on its importance, that is why he is proposing this. This is perfectly in order and, I think, there is no departure from the rules.

Dr. Mahbub ul Haq: Thank you, Sir. The Government is fully in accord with the sentiments that Professor Khurshid Ahmed has expressed so ably and comprehensively on the subject of not only Modaraba but also the Islamization of the economy. What we are discussing is not the structural weaknesses of Modaraba Companies but the amendment that has been moved now about the lowering of capital. The revised capital should be equal to 5 lacs instead of 50 lacs. The amendment is that it should be lowered further to one lac Rupees.

Sir, here the problem is that there are two contrasting obligations on the Government. One, of course, is that we do wish to step up further the process of setting up more and more Modaraba Companies and as such the lowering of the paid up capital limit will help that process. But there is an equal obligation Sir, on the Government and on the Senate, that we have to take all those measures which are necessary to protect the capital, the money of the people that is being put in these Modaraba Companies. We are responsible for monitoring the Modaraba Companies. We are ultimately responsible for the financial strength and the help of Modaraba Companies and, as such, Sir, the Governmnt attitude is that we should go towards progressive islamization of the economy and approach this step by step and monitor and discuss each step so that no major mistakes are made which may prove contra-productive and cause a reversal of the of the process.

It is in that spirit Sir, that we are suggesting now that as a next step we should have the limit from 50 lacs to 25 lacs. But my request to Professor Khurshid Ahmed would be, let us do it in the first instance, and see what is the experience over the next year. We shall monitor it and we shall be prepared to bring that experience before the House and in the light of that if it is felt that we should go even further and lower the limit even below 25 lacs we shall be prepared to consider it as well as other structural

[Dr. Mahbubul Haq]

weaknesses in the Modaraba Companies Acts. We would very much like to seek the views of Professor Khurshid Ahmed and others present in the Senate and see what improvement can be made both in the operations of these Modaraba Companies as well as in this Act in future.

This, Sir, is a continuing process, there is no finality to the process. All that we want to do is to be little careful and conscious so that all the steps are properly established and there are no unfortunate mistakes for reversal. Sir, we have brought this amendment in Modaraba Companies for further lowering the paid up capital Sir, we shall discuss separately with the Members and in due course of time, will bring the experience of Modaraba Companies particularly of those which are established now under this lowering of limit and then we shall be guided by the sentiments of this House as to what further improvements or changes we should make in the Act. Sir, with the great respect, I request Professor Khurshid Ahmed not to insist on his amendment, at this stage, and enable us to take next step to at least halve the limit of the paid up capital.

قاضی عبداللطیف: گذارش یہ کہ جناب پروفیسر صاحب نے جو ترمیم پیش کی ہے اور اس پر جو انہوں نے دلائل دیئے ہیں وہ اسلام اور شریعت کے مطابق دیئے ہیں۔ ہمارے وزیر خزانہ صاحب نے بھی یہ فرمایا ہے کہ ہم اسلامائیزیشن کر رہے ہیں۔ اور اس کے ساتھ ساتھ یہ بھی فرمایا ہے کہ ہم سرمائے کا تحفظ بھی کرا رہے ہیں۔ لیکن اس کے ساتھ ساتھ یہ بھی کہا ہے کہ ہماری ضمانت اس میں بھی نہیں ہوگی۔ میں گذارش کروں گا کہ سرمائے کے تحفظ کے ساتھ ساتھ جس طریقے سے پروفیسر صاحب نے نشاندہی کی ہے۔ آپ نے محنت اور مزدوری کا تحفظ بھی کرانا ہے۔ میں ان الفاظ کے ساتھ پروفیسر صاحب کی ترمیمات کی تائید کروں گا۔

پروفیسر خورشید احمد: جناب والا! میری مشکل یہ ہے کہ میں ان موضوعات کو کوئی debate کی چیز نہیں بنانا چاہتا ہوں۔ میرا مقصد حکومت کی مدد کرنا ہے لیکن حکومت کو بھی یہ سمجھنا چاہیئے کہ جس قسم کی وہ ترمیم لائے ہیں۔ اس سے کچھ حاصل نہیں ہوگا۔ کیا وزیر خزانہ اس امر پر غور کرنے کے لئے تیار ہوں گے کہ بجائے اسکے کہ اس amendment کو withdraw کر لیں یا reject کر دیں یا قبول کر لیں وہ سینٹ کی ایک ایسی کمیٹی بنا دیں کیوں کہ اس میں کوئی urgency نہیں ہے۔ ایک مہینے کے اندر اندر اسکو examine کر کے وہ تجاویز دے دیں اور پھر ترامیم لائیں۔ ہم ان کی مدد کرنا چاہتے ہیں۔ یہ چاہتے ہیں کہ

یہ دراصل اپنے اثرات کو پورا کر سکے۔ یہ نہ ہو کہ ہم اس کے لئے ہر سال تھوڑی ترامیم کرتے رہیں لیکن یہ ہے کہ اس کے بھی ایسے اثرات ہو سکتے ہیں کہ وہ اس پر مؤثر ہو سکیں

Mr. Chairman: Has the honourable Minister followed the proposal made by Professor Khurshid Ahmed?

Dr. Mahbub ul Haq: Yes, as I understand, the proposal is that Professor Khurshid Amed will not insist on this amendment, at this stage, if we are willing to consider it during the course of implementation.

Mr. Chairman: Provided you are prepared to set up a Committee of the Senate to go into the details of the Modaraba Companies Act and bring a more comprehensive law on the subject. I believe, this is what Professor Sahib has said.

Dr. Mahbub ul Haq: I shall be quite prepared for that Sir, since it is meant for the Government to be guided further on the issue so, if the House enables us to take this particular step at this stage we are quite prepared that there should be a Senate Committee on the whole issue of the Modaraba Companies to guide us.

Mr. Chairman: So, in view of this assurance and as the Government is willing to set up a Committee of the Senate to go comprehensively into the whole question of Modaraba Law, are you prepared to withdraw this?

Professor Khurshid Ahmed: I would be extremly happy to do that provided they are prepared to form the Committee within a month.

Dr. Mahbub-ul-Haq: We shall be prepared to do that, Sir.

Mr. Chairman: Then, I take it that the amendment has been withdrawn.

Mr. Iqbal Ahmad Khan: No, Sir, this permission is to come from the House to withdraw the amendment.

Mr. Chairman: This actually concerns Professor Khurshid Ahmed. We would now put it to the House.

قاضی عبداللطیف: جناب والا! ایک گذارش ہے جب وہ کمیٹی منظور کرے گی تو اس پر کیوں زور دیا جا رہا ہے۔ کہ اس وقت جو قانون خامیوں کے ساتھ آ رہا ہے۔ اُس کو اسی وقت منظور کر لیا جائے۔ اس کو سینٹ کی کمیٹی کے حوالے کر دیا جائے۔

جناب چیئرمین: اس میں خامیاں نہیں ہیں۔ اس کو further اصلاح کے لئے کمیٹی کے سپرد کیا جا رہا ہے۔ ایک ملین سے یا اڑھائی ملین سے کوئی مضاربہ کمپنی Set up ہو سکے تو اس کو کیوں ... (مداخلت)...

ڈاکٹر محبوب الحق:۔ اس وقت اس کا اصل سرمایہ ۵۰ لاکھ ہی ہوگا۔ جب تک اس کو تبدیل نہیں کرتے ۔ اس کو کم از کم ۲۵ لاکھ کر دیں۔ بعد میں اور تبدیلیاں بھی لے آئیں گے۔

Mr. Chairman: Does the House permit the honurable Member to withdraw the amendment.

Many Honourable. (The motion was carried)

Mr. Chairman: So, the amendment stands withdrawn.

Now, I put, the question with regard to Clause (2):

"That Clause 2 forms part of the Bill."

(The Motion was adopted)

Mr. Chairman: Clause 2 stands form of the Bill. We take up the Preamble, the Short Title and Clause (1) The question is:

"That the preamble the short title and Clause (1) form part of the Bill."

(The Motion was adopted)

Mr. Chairman: The preamble, short title and Clause 1 stand part of the Bill.

Dr. Mahbub ul Haq: Sir, with your kind permission, I beg to move:

"That the Bill further to amend the Modaraba Companies and Modaraba (Floatation and Control) Ordinance, 1980 (XXXI of 1980) [The Modaraba Companies and Modaraba (Floatation and Control) (Amendment) Bill 1985], be passed."

Mr. Chairman: I hope there is no further discussion on it, I can put the question. The question is:

"That the Bill further to amend the Modaraba Companies and Modaraba (Floatation and Control) Ordinance, 1980 (XXXI of 1980) [The Modaraba Companies and Modaraba (Floatation and Control) (Amendment) Bill 1985], be passed."

(The Motion was adopted)

Mr. Chairman: The Bill is passed Next.

EMPLOYEES COST OF LIVING (RELIEF) (AMENDMENT) BILL, 1985

Dr. Mahbub ul Haq: Sir, with your kind permission, I beg to move that the Bill........(Interruption).

Mr. Chairman: The Bill has already been introduced. I think, you don't have........(Interruption).

Dr. Mahbub ul Haq: I don't have to say that it should be taken into consideration?

Mr. Chairman: No, I think, it has already been introduced. You have to say a few words on........(Interruption).

Dr. Mahbub ul Haq: Basically, Sir, this Bill provides for an increase of 13.5 per cent in the wages of the workers who are covered under the Employees' Cost of Living (Relief) Act, 1973.

Mr. Chairman: Yes, please.

An honourable Member: I Is Minister entitled to sit in the Gallery?

Mr. Chairman: Is there something wrong with that?

Sorry for the interruption.

Dr. Mahbub ul Haq: Sir, the Cost of Living increases were given to the employees previously in the years 1973,1974, 1975 and 1980 and 1981. In view of the pressure of inflation on real wages of employees in the private sector, the Government has moved an amendment in the Employees' Cost of Living (Relief) Act, 1973, suggesting that 13.5 per cent increase should be made in the wages of these employees who are getting below Rs. 1500/- p.m. It also provides that if the increases have been made already through the bargaining agent or through an award after 1st January, 1984 and the said increases fall short of the proposed increase of 13.5 per cent the balance would be paid now. This amendment, Sir, is to provide a legal cover to this proposal. Let me also suggest that similar increses have been given to Government employees getting salary below Rs. 1500/- per month. This is the intention of the Bill.

Mr. Chairman: Will you give your views, at this stage, on the principles and general provisions of the Bill.

Dr. Mahbub ul Haq: No, Sir.

Mr. Chairman: No. Then we take up the clause by clause reading of the Bill

Clause (2). There is an amendment moved by Prof. Khurshid Ahmad in Clause (2). Would you like to move your amendment?

Professor Khurshid Ahmed: Yes, I would like to move it.

Mr. Chairman: Right.

پروفیسر خورشید احمد : جناب والا! میں تحریک پیش کرتا ہوں کہ :۔

کلاز ۶ میں پروائزو سے پہلے یہ اضافہ تجویز کیا جائے "اس طرح ان افراد کو جن کی تنخواہ ایک ہزار پانچ سو روپے سے کم ہے ان کو ۱۳۶۵ یا پانچ فیصدی کے حساب سے اضافہ دیا جا رہا ہے. وہ افراد جن کی تنخواہ اس سے زیادہ ہے. ان کے ویجز بھی دس فیصد کے حساب بڑھائے جائیں"

Mr. Chairman: I think, let us ask the honourable Minister whether he opposes it.

Dr. Mahbub ul Haq: Sir, I would like to oppose it with great regret.

Mr. Chairman: Would you kindly explain it?

پروفیسر خورشید احمد : میں اپنی ترمیم کے حق میں مختصراً چند الفاظ پیش کرنا چاہتا ہوں ۔

جناب چیئرمین : جی فرمائیے ۔

پروفیسر خورشید احمد : پہلی چیز یہ ہے کہ جہاں تک اس قانون کا تعلق ہے آپ یہ دیکھیں گے کہ یہ قانون دراصل پرائیویٹ سیکٹر سے متعلق ہے۔ اور یہ اقدام حکومت کا ہمارے لئے قابل قدر ہے کہ وہ سرکاری ملازمین کو جو سہولتیں دے رہی ہے اس کی خواہش ہے کہ اس ملک کے عام مزدور بھی اس سے استفادہ کریں ۔ بلاشبہ جہاں تک پرائیویٹ سیکٹر کا تعلق ہے. اس میں اصل چیز یہ ہے کہ آجر اور مستاجر یونین سمیت باہم گفتگو سے اپنے معاملات طے کرتے ہیں. لیکن حقیقت یہ ہے کہ اجرت کا مسئلہ اتنا اہم ہے کہ حکومت اس کو یکسر ایمپلائر اور مزدوروں پر نہیں چھوڑ سکتی ۔ یہی وجہ ہے کہ آپ نے قانون بنایا ہے اور اس موقع پر آپ یہ چیز لائے ہیں کہ کم سے کم ڈیڑھ ہزار سے کم کی آمدن والوں کو بھی مراعات دی جائیں ۔

[Prof. Khurshid Ahmed]

میں یہ سمجھنے سے قاصر ہوں کہ ہم ان مراعات سے باقی تمام ملازمین کو کیوں محروم رکھیں. میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ یہ ڈیڑھ ہزار کی کوئی میجک فگر نہیں ہے۔ بلاشبہ بجٹ میں اس کو قبول کیا گیا ہے اور آگے بھی شاید ہمیں کوئی جستجو کرنی ہوگی۔ آپ یہ مان لیں کہ وہ افراد جنہیں اس فگر کے نیچے آمدنی مل رہی ہے۔ ان کے حالات زیادہ خراب ہیں۔ بلاشبہ یہ قابل قدر چیز ہے کہ آپ ان کو کچھ مراعات دے رہے ہیں۔ لیکن یہ زیادہ سے زیادہ نہیں ہے. آپ ان کو جو کچھ دے رہے ہیں وہ کم سے کم ہے۔ حالات یہ ہیں کہ آج پچاس فیصدی سے زیادہ آبادی پاورٹی لائن کے نیچے ہے۔ میرے پاس تمام اعداد و شمار موجود ہیں اگر ضرورت ہوگی تو میں ان کو پیش کردوں گا کہ ہاؤس ہولڈ سرویز کی بنیاد پر کیا حقائق ہمارے سامنے آتے ہیں ملک کی آبادی کے لئے کتنے افراد ہیں جن کے لئے یہ ممکن نہیں کہ ان کو جو اجرت مل رہی ہے اس میں اپنی بنیادی ضروریات پوری کرلیں۔ ایک اسلامی معاشرے کے لئے ایک مہذب معاشرے کے لئے ضروری ہے کہ ہر شخص کی خواہ امیر ہو یا غریب بنیادی ضروریات پوری کی جائیں۔ آپ کی اجرت کو ٹھیک ہے پروڈکٹو بھی ہونا چاہیے۔ لیکن اگر اس کے ساتھ ساتھ آپ اس کو اتنا نہیں دیتے کہ اس کی بنیادی ضروریات پوری ہو سکیں۔ تو اس کے بعد آپ اس سے توقع نہیں رکھ سکتے کہ اس کی محنت اور کارکردگی کا معیار اچھا ہوگا اور ایک ایسا مزدور ملک کی پیداوار کو بڑھا سکے گا۔

میں یہ کہوں گا کہ پندرہ سو سے زیادہ تنخواہ پانے والے بھی غریب ہیں۔ میں یہ کہنا چاہتا ہوں کہ اس ملک میں جو افراد دو اڑھائی ہزار روپیہ ماہانہ لے رہے ہیں ان کے لئے نہایت معمولی سطح پر زندگی گذارنا مشکل سے مشکل تر ہوتا چلا جا رہا ہے۔ اس لئے ان تمام باقی عناصر کو اس سے محروم کرنا میرے خیال میں بہت بڑی حق تلفی ہے جو ہمیں ہرگز نہیں کرنی چاہیے۔ جو کچھ آپ کر رہے ہیں وہ کم سے کم رہے ہیں۔ اس بات کا امکان موجود ہے کہ مزدوروں کی تنظیمیں اور ایمپلائر آپس میں گفت و شنید کریں۔ یہ صحیح ہے کہ جناب وزیر خزانہ نے اپنی بجٹ کی تقریر میں صرف پندرہ سو روپے تنخواہ پانے والے افراد کا ذکر کیا. لیکن میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ کم از کم اس ایوان کو ان تمام افراد کی ضروریات کو بھی سامنے رکھنا چاہیے۔

میں وزیر خزانہ کو یاد دلاؤں گا کہ خود پلاننگ کمیشن کی حالیہ رپورٹ سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ اس ملک میں real wages بڑھی نہیں کم ہوئی ہیں اور اسی طرح گریڈ ایک سے سولہ ہی نہیں بلکہ اس کے اوپر بھی جو افراد ہیں ان کی real wages بھی کم ہوئی ہے۔ اس بناء پر میں ان سے خواہش کروں گا کہ وہ دوبارہ اس پر غور کریں اور وہ ان ملازمین کو بھی جن کی تنخواہ پندرہ سو روپے سے زیادہ ہے کم سے کم دس فیصدی دیں جیسا کہ انہوں نے سرکاری ملازمین کے لئے تجویز کیا ہے۔

Mr. Chairman: Yes, honourable Finance Minister.

Dr. Mahbub ul Haq: Sir, firstly, I would like to say that the Government was rather reluctant to intervene in the affairs of the private sector because we felt that the private sector had its obligations to look after their workers and there were ways in which bargaining was done between the employer and the employees and that the Government should not intervene in that. It was precisely for the reasons as the honourable Senator had indicated that we felt that at least some minimum protection should be given to those who were at the lower end of the wages level. Thus the Government brought in this amendment in the Employees Cost of Living Relief Act, 1973. Prof. Khurshid Ahmad has indicated that the relief is not a very substantial one. I am conscious of the fact that no relief in a poor country like ours will ever constitute a substantial relief or a satisfactory relief. But, Sir, let us compatre it to what was done in 1973, 1974, 1975 or 1980-81, the maximum relief given in 1980-81 was Rs. 40/- per month. What is provided now is 13.5 per cent increase up to the wages of Rs. 1500 per month. That means that those who are drawing Rs. 1500/- per month will be getting a relief of a little above Rs. 200/-. So compared to what has been the past practice, I think, it does offer considerable relief to the low paid employees in the private sector.

Now, Sir, the question is whether a similar intervention should be made for employees drawing above Rs. 1500 per month, I would like to suggest two things. Sir, firstly, normally if a relief is given to employees at the lower end, it is inevitable that the private sector companies and corporations will have to adjust the wages all along in order to keep a certain balance between their own salary structure. It will become inevitable that they will have to take this action themselves.

Secondly, we felt that Government's attention should be given and all our energies devoted to protecting those who were low paid employees in the private sector. For this reason we have done this and also because since 1973, these things were taken up for the first time, this was the

format that was adopted. Sir, at this stage, I would request the House to approve this because any delay in this will only mean that workers in the private sector will be denied this facility and this legal cover which we had announced for them to be applicable from the 1st July, 1985. If we can make any further improvement, I think, that should be part of the budgetary proposal for the next year. I shall be guided greatly by the recommendations made in this House, whether on the floor of the House or informally to me, in shaping further recommendations for the future and, in that, we can consider whether we should make this innovation as well and if so, what will be its implications because it will have to be gone over very carefully. I hope, on this assurance, Prof. Khurshid Ahmad will withdraw his amendment so that we can go ahead and pass this amendment which will enable us to give legal cover to the workers in the private sector as from first July, 1985, otherwise, it will get considerably delayed. Thank you.

جناب شاد محمد خان: جناب چیئرمین! مراعات کا یہ بل جو مزدوروں کے لئے ہے ان مراعات کی روشنی میں بنایا گیا ہے جو حکومت نے سرکاری ملازمین کے لئے مہیا کی ہیں اس وقت اس ترمیم کا لانا ان مزدوروں کو ان مراعات سے محروم کرنے کے مترادف ہے۔ کیا یہ اچھا نہیں ہے کہ گورنمنٹ نے بروقت اقدام کر کے ان مزدوروں کی حوصلہ افزائی کی ہے۔ کیا یہ بہتر ہوتا کہ وہ مزدور میدان آتے اور توڑ پھوڑ کرتے اور پھر حکومت کچھ کرتی۔ لہٰذا یہ بروقت اقدام ہے، قابل ستائش ہے۔ لہٰذا اس بل کو پاس کرنے میں ہی مزدوروں کی بہبودی اور بہتری ہے۔

جناب اقبال احمد خان:- جناب چیئرمین! جب تک اس کا فیصلہ نہ کرایا جائے کہ یہ ایڈمیسبل بھی ہے یا نہیں ہے دوسرے اراکین کو موقع نہیں دیا جا سکتا۔ ڈاکٹر صاحب اس بل کی وضاحت اس توقع پر کر رہے تھے کہ پروفیسر صاحب شاید اپنی ترمیم پر غور فرمائیں ورنہ اس کی ایڈمیسبلٹی پر بھی میرا اعتراض ہے۔ لہٰذا پروفیسر صاحب سے دریافت فرما لیا جائے وہ ڈاکٹر صاحب کی پیشکش کو قبول کرتے ہیں تو ٹھیک ہے۔ اگر نہیں تو پھر بھی غور کیا جائے گا۔

صاحبزادہ الیاس: پروفیسر صاحب نے جو کچھ فرمایا وہ بروقت اور نہایت صحیح ہے لیکن ان کی اطلاع کے لئے میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ پرائیویٹ سیکٹر پبلک سیکٹر اور گورنمنٹ ملازمین کے (fringe benefits) میں بہت زیادہ تفاوت ہے۔ دس فیصد اگر دیا جائے۔ پبلک سکٹر میں اور پرائیویٹ سیکٹر میں فرنج

بینیفٹس بہت ہیں اگر یہاں دس فیصد اس وقت دینے کی کوشش کی گئی تو وہاں یقیناً بے چینی پھیلے گی۔ پہلے وہاں بہت سے الاؤنس ملتے ہیں مثلاً ڈیئرنس الاؤنس اور کاسٹ آف لونگ الاؤنس اور ہاؤس رینٹ، ایسے بہت سے مسائل ہیں اس صورت میں یہ معاملہ لمبا چوڑا ہو جائے گا۔

Shaikh Ejaz Ahmad: Sir, I would like to add a little bit and express my opinion on this subject.

Mr. Chairman: Without going into the merits of this which we will debate later on.

Shaikh Ejaz Ahmad: Sir, I will take only one minute.

Mr. Chairman: Yes.

Shaikh Ejaz Ahmad: Sir, there is already resentment in the private Sector that the indexation has not been co-related with the production but in view of the general interest of the masses, a modest increase in salary upto Rs. 1500 has generally been accepted by the private sector. But, Sir, going further from this extent will be highly protested because the increase in the cost element, in the private sector in the fuel adjustment charges and in the gas charges and in various other fields has disturbed the cost of production. One more aspect I would like to say that when we say Rs. 1500 then only those people are not affected who have this basic salary, as the basic salary up to Rs. 1500 covers quite a lot of employees in the private sector and even those people who are getting up to Rs. 3,000 and Rs. 3,500 are covered in Rs. 1500 basic salary, because the private sector provides a lot of other allowances. Therefore, I would request that Prof. Khurshid Ahmad, should not insist on his amendment.

Mr. Chairman: Professor Sahib, since a point has been raised about the admissibility, if you are accepting the offer of the honourable Finance Minister, it would be one question.

پروفیسر خورشید احمد: دراصل مسئلہ یہ ہے کہ ہم یہاں کسی مخصوص مفاد کے تحفظ کے لئے نہیں آئے۔ ہمارا اصل کام یہ ہے کہ عوام کی جو مشکلات ہیں اور مزدور اور ملازم طبقے کے جو مسائل ہیں ان کو یہاں پر سامنے لائیں، حکومت کے سامنے لائیں۔ بلاشبہ حکومت کے تعاون کے بغیر ہم بہت زیادہ حاصل نہیں کر سکتے لیکن ایوان کا یہ فرض ہے کہ حکومت کے سامنے وہ نقطہ نظر پیش کرے اور یہ بات اعداد و شمار کے اعتبار سے میری نگاہ میں صحیح نہیں ہے کہ پاکستان ان ممالک میں سے ہے جو دوسرے ترقی پذیر ملکوں کی طرح کہ جہاں اجرتوں کا جو حصہ ہے یعنی پورے ویلیو ایجنٹ میں وہ بڑا کم ہے یہ اعداد و شمار

یعنی مینو فیکچرنگ سیکٹرز کے ہمارے سامنے آتے ہیں ان سے معلوم ہوتا ہے کہ پاکستان میں اوسط اجرتوں کا حصہ صرف ۲۳٫۸ فیصد ہے جب کہ جاپان میں یہ ۵۹ فیصد ہے امریکہ میں ۹٫۷ فیصد اور مغربی یورپ میں ۷٫۶ فیصد ہے۔ میں کوئی ایسا مطالبہ نہیں کر رہا ہوں کہ جو پورا نہ کیا جا سکے۔ البتہ میں وزیر خزانہ کی مشکلات سے واقف ہوں اور سمجھتا ہوں کہ ایک ایسی ترمیم جس کی مالیاتی ایمپلیکیشنز ہیں وہ بجٹ پر نہیں، ان کے لئے اتنی آسانی سے قبول کرنا مشکل ہوگا۔ اس لئے میں ان کی پیشکش کو خوش آمدید کہتا ہوں۔ اس شرط کے ساتھ کہ کم ازکم وہ اس بات پر غور کریں کہ اسی سال وہ افراد جن کی آمدنی ۱۵۰۰ روپے سے زیادہ ہے۔ ان کے لئے کسی ریلیف کی کوشش کی جائے اور پھر اگلے بجٹ میں زیادہ گہرائی میں جا کر ایک ایسی بنیاد ڈیولپ کی جائے جس میں ہم ایک عام انسان اور عام خاندان کی ضروریات پوری کر سکیں۔

Shaikh Ejaz Ahmad: Point of order. Sir, I would again like to oppose this.

Mr. Chairman: But this is no point of order. You are expressing your views on a particular subject.

Shaikh Ejaz Ahmad: Again it should be taken as a view. Sir, I would like to elabroate this point in this way that the major industry of Pakistan is the textile industry. Already, the textile industry is undergoing in chaotic conditions. You must have read in the newspapers that only in the city of Karachi more than 54 Mills have been closed.

Mr. Chairman: Excuse my interruption. I don't think you have understood the proposition of Prof: Khurshid. What he is saying is he may be prepared to withdraw his amendment.

Shaikh Ejaz Ahmad: I would like that no condition should be imposed because the industry is already going under chaotic conditions and the increase in the cost of production........(Interruption).

